آڈٹ بیورو آف سرکولیشن ABC CERTIFIED باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

روزنامہ شال کوئٹہ

Daily SHAL Quetta

MEMBER OF APNS & CPNE

www.dailyshal.com

جلد نمبر 33 | بروز پیر 11 جنوری 2021ء بمطابق 26 جمادی الاول 1441ھ قیمت 5 روپے | شمارہ نمبر 11

کوئٹہ مساجد باجماعت نماز کے اوقات

فجر	6:00
ظہر	1:45
عصر	4:00
مغرب	5:40
عشاء	07:00
اہل تشیع: فجر صبح	05:45
ظہرین	12:30
مغربین	6:15

بجلی کا بریک ڈاؤن صرف پاکستان میں نہیں ہوا دنیا بھر میں ایسا ہوتا ہے، عمر ایوب

فالٹ کہاں آیا، تحقیقات ہونگی، حقائق سامنے آجائیں گے، حکومت میں آتے ہی 49 ارب روپے سسٹم پر لگائے جس کی وجہ سے 4 سے ساڑھے 4 ہزار میگاواٹ سسٹم میں نکال سکتے ہیں

سسٹم کی بہتری کیلئے مزید کام کررہے ہیں، مستقبل میں ایسی کسی چیز کے ہونے پر زیادہ بہتر طریقے سے نمٹ پائیں گے، عمر ایوب کی وزیر اطلاعات کے ہمراہ پریس کانفرنس

کراچی کے لوگوں کو کوئی دہائیوں ان کا حق نہیں ملا، بلاول بھٹو 49 سال بعد بھی کہہ رہے ہیں ہمیں کام کیلئے وقت چاہیے، یہ وہ لوگ ہیں جو دو سال سے عمران خان سے پوچھ رہے تھے کہ ہم نے کیا کام کیا، کے پی پی میں تقریب میں صحافیوں سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر توانائی عمر ایوب نے کہا ہے کہ رات 11 بجکر 41 منٹ پر گدو کے پاور پلانٹس میں خرابی آئی اور ایک سیکنڈ میں فریکوئنسی نیچے آگئی، فالٹ کہاں آیا، تحقیقات ہونگی، حقائق سامنے آجائیں گے، حکومت میں آتے ہی 49 ارب روپے سسٹم پر لگائے جس کی وجہ سے 4 سے ساڑھے 4 ہزار میگاواٹ سسٹم میں نکال سکتے ہیں، بجلی کا بریک ڈاؤن صرف پاکستان میں نہیں ہوا دنیا بھر میں ایسا ہوتا ہے، سسٹم کی بہتری کیلئے مزید کام کررہے ہیں، مستقبل میں ایسی کسی چیز کے ہونے پر زیادہ بہتر طریقے سے نمٹ پائیں گے۔ اتوار کو یہاں وفاقی وزیر اطلاعات شبلی فراز کے ہمراہ پریس کانفرنس میں

باقیہ نمبر 1 صفحہ 3 پر

اسلام آباد؛ وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید سے نئے آئی جی قاضی جمیل الرحمن ملاقات کررہے ہیں

کرپٹ عناصر کو NRO دینے سے ملک کو نقصان ہوگا، وزیراعظم

بھارت داعش کی پشت پناہی کررہا ہے، مولانا فضل الرحمان 1992 کے بعد سے کبھی اقتدار سے نہیں نکلے، پہلی دفعہ ہے اسمبلی ڈیزل کے بغیر چل رہی ہے، پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ ملکی مفاد کیلئے نہیں ذاتی مفاد کے لیے اکٹھے ہوئے ہیں

سارا گیم یہ چل رہا ہے کہ ہم ان مافیا کے آگے گھٹنے ٹیک دیں، میں بار بار کہتا ہوں کہ این آر او نہیں دوں گا، ٹیکس نظام کو شفاف بنانے کے لیے ٹیکنالوجی استعمال کریں گے، افغان جہاد کے بعد پاکستان میں فرقہ وارانہ دہشت گردی شروع ہوئی

کم آبادی اور ووٹوں کی وجہ سے ماضی کی حکومتوں نے بلوچستان پر توجہ نہیں دی، ہماری کسی ملک کے ساتھ کوئی دشمنی نہیں، عمران خان کی سوشل میڈیا سے تعلق رکھنے والے افراد سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) وزیر اعظم عمران خان نے ایک بار پھر واضح کیا ہے کہ جب تک بھارت مقبوضہ کشمیر کی پرانی حیثیت بحال نہیں کرتا تب تک اس سے مذاکرات نہیں ہوسکتے، بھارت داعش کی پشت پناہی کر رہا ہے، مولانا فضل الرحمان 1992 کے بعد سے کبھی اقتدار سے نہیں نکلے، پہلی دفعہ ہے اسمبلی ڈیزل کے بغیر چل رہی ہے، پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ ملکی مفاد کیلئے نہیں ذاتی مفاد کے لیے اکٹھے ہوئے ہیں، سارا گیم یہ چل رہا ہے کہ ہم ان مافیا کے آگے گھٹنے ٹیک دیں، میں بار بار کہتا ہوں کہ این آر او نہیں دوں گا، ٹیکس نظام کو شفاف بنانے کے لیے ٹیکنالوجی استعمال کریں گے، افغان جہاد کے بعد پاکستان میں فرقہ وارانہ دہشت گردی شروع ہوئی، کم آبادی اور ووٹوں کی وجہ سے ماضی کی حکومتوں نے بلوچستان پر توجہ نہیں دی، ہماری کسی ملک کے ساتھ کوئی دشمنی نہیں، سوشل میڈیا

باقیہ نمبر 2 صفحہ 3 پر

ملک گیر بجلی کے بڑے بریک ڈاؤن؛ 14 گھنٹے بعد بجلی بحال

صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی کی بریک ڈاؤن کے بعد لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا جبکہ پرنٹ میڈیا کے چھپائی کا کام بھی متاثر ہو

کوئٹہ (آن لائن) ملک گیر بجلی کے بڑے بریک ڈاؤن کے بعد صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت مختلف علاقوں میں 14 گھنٹے بعد بجلی بحال کردی گئی تاہم مختلف علاقوں میں بجلی کی بحالی بتدریج جاری ہے تفصیلات کے مطابق 220 کے وی ٹرانسمیشن لائن کی بحالی کے بعد کیسکو

باقیہ نمبر 3 صفحہ 3 پر

وزیراعظم سے فرخ حبیب کی ملاقات، فیصل آباد کی تعمیر و ترقی کیلئے جامع ترقیاتی پلان کے حوالے سے تبادلہ خیال

بہت جلد فیصل آباد کا دورہ کرکے ترقیاتی منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھوں گا، عمران خان کی وفاقی پارلیمانی سیکرٹری ریلوے سے گفتگو

فیصل آباد (اکو آنہ) (این این آئی) وفاقی پارلیمانی سیکرٹری برائے ریلوے میاں فرخ حبیب ایم این اے نے وزیراعظم عمران خان سے اسلام آباد میں ملاقات کی اور فیصل آباد کی تعمیر و ترقی کیلئے ایک جامع ترقیاتی پلان کے حوالے سے مختلف امور پر تبادلہ خیال کیا۔ میاں فرخ حبیب نے وزیراعظم

باقیہ نمبر 10 صفحہ 3 پر

کراچی ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت گرین لائن بس منصوبہ جولائی اور اگست تک فعال ہوجائے گا، اسد عمر

کراچی کے ساتھ وفاق نے جو وعدہ کیا وہ پورا کررہے ہیں، شہر کے ترقیاتی کاموں میں رخنہ اندازی برداشت نہیں ہوگی، وفاقی وزیر احسن اقبال

کراچی (این این آئی) وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر نے کہا ہے کہ کراچی ٹرانسفارمیشن پلان کے تحت گرین لائن بس منصوبہ جولائی اور اگست تک فعال ہوجائے گا اور شہر میں پہلی مرتبہ جدید ٹرانسپورٹ نظام آئے گا۔ وفاقی حکومت کی جانب سے اتوار کو کراچی کے لئے 50 فائر فائٹرز

باقیہ نمبر 11 صفحہ 3 پر

بلوچستان بھر سے اہم خبریں

بلوچستان کے شمالی علاقوں میں کڑاکے کی سردی برقرار ہے

کوئٹہ (آن لائن) بلوچستان کے شمالی علاقوں میں کڑاکے کی سردی برقرار ہے جس کے باعث کراچی سمیت سندھ بھر میں

باقیہ نمبر 12 صفحہ 3 پر

شادی میں ہوائی فائرنگ کے نتیجہ میں اندھی گولیاں لگنے سے دو افراد شدید زخمی

لورالائی (آن لائن) مستنگ کے قریب علاوہ دامان کے علاقہ میں شادی میں ہوائی فائرنگ کے نتیجہ میں اندھی گولیاں لگنے

باقیہ نمبر 13 صفحہ 3 پر

تربت میں سینما چوک کے نزدیک ایف سی ناکہ کے قریب بم دھماکہ 5 افراد زخمی اور 2 گاڑیوں کو نقصان پہنچا

تربت (آن لائن) بلوچستان کے ضلع تربت میں سینما چوک کے نزدیک ایف سی ناکہ کے قریب بم دھماکہ 5 افراد زخمی

باقیہ نمبر 15 صفحہ 3 پر

کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا ہے

کوئٹہ (آن لائن) کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائی پاس پر فائرنگ سے ایک شخص جاں بحق ہوگیا ہے۔ ایدھی ذرائع کے مطابق گزشتہ

باقیہ نمبر 14 صفحہ 3 پر

بلوچستان میں کورونا وائرس کے 39 نئے کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثر افراد کی تعداد 18412 ہوگئی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں کورونا وائرس کے 39 نئے کیس رپورٹ ہونے کے بعد اب تک متاثر افراد کی تعداد 18412 ہوگئی۔ محکمہ صحت کے کورونا وائرس آپریشن سیل کی جاری کردہ رپورٹ کے مطابق اتوار کو بلوچستان کے 05 اضلاع چاغی سے 18، کوئٹہ سے 14، نوشکی سے 04، ژوب سے 02، ہی سے 01 کیس رپورٹ ہونے کے

باقیہ نمبر 16 صفحہ 3 پر

کوئٹہ؛ صوبائی وزیر تعلیم سردار یار محمد رند سے صوبائی وزیر صالح بھوتانی ملاقات کررہے ہیں

بھارت کی پھر ایل سی او پر سیز فائر معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بلا اشتعال فائرنگ، دو افراد زخمی

راولپنڈی (این این آئی) بھارت نے ایک بار پھر ایل سی او پر سیز فائر معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے بلا اشتعال فائرنگ کر دی جس کے نتیجے میں دو افراد زخمی ہوگئے۔ آئی ایس پی آر کے مطابق بھارت کی جانب سے ایک دفعہ پھر سیز فائر معاہدے کی خلاف ورزی کرتے ہوئے ایل او سی کے بروہ اور خیجر سیکٹر کو نشانہ بنایا گیا۔ بھارتی فوج

باقیہ نمبر 17 صفحہ 3 پر

اسلام آباد؛ وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز پریس کانفرنس سے خطاب کررہے ہیں

پاکستان کا قانون کسی بیرونی عوامل یا دباؤ کے بغیر آزادانہ کام کرتا ہے، ترجمان دفتر خارجہ

ممبئی کیس میں قانونی عمل بھارت کی طرف سے گواہان بھیجنے میں ہچکچاہٹ کی وجہ سے رکا ہوا ہے

امریکی سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ اپنے تحفظات بھارت کی دہشت گردانہ کارروائیوں کیلئے منصوبہ بندی، فروغ، مالی معاونت کیلئے محفوظ رکھے، ترجمان کے بیان

اسلام آباد (این این آئی) ترجمان دفتر خارجہ نے کہا ہے کہ پاکستان کا قانون کسی بیرونی عوامل یا دباؤ کے بغیر آزادانہ کام کرتا ہے، ممبئی کیس میں قانونی عمل بھارت کی طرف سے گواہان بھیجنے میں ہچکچاہٹ کی وجہ سے رکا ہوا ہے، امریکی سٹیٹ ڈیپارٹمنٹ اپنے تحفظات بھارت کی دہشت گردانہ کارروائیوں کیلئے منصوبہ بندی، فروغ، مالی معاونت کیلئے محفوظ رکھے۔ اتوار کو ترجمان دفتر خارجہ نے اپنے بیان میں کہا کہ پاکستان اپنے قوانین پر مکمل عملدرآمد کررہا ہے، پاکستان اپنی قومی ذمہ داریاں پوری کررہا

باقیہ نمبر 18 صفحہ 3 پر

وفاقی حکومت نے شوگر ملز کی ویڈیو مانیٹرنگ شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا

چینی کی قیمت بڑھنے میں آڑھتیوں اور سٹے بازوں کا کردار بھی نظر آیا جس پر ایکشن لے رہے ہیں، حماد اظہر

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے شوگر ملز کی ویڈیو مانیٹرنگ شروع کرنے کا فیصلہ کرلیا۔ وفاقی وزیر حماد اظہر کے مطابق پنجاب کی شوگر ملز میں 15 دسمبر تک ساڑھے 3 لاکھ ٹن چینی کی پیداوار ہوئی۔ انہوں نے انکشاف کیا کہ 12 شوگر ملز کے ٹھکانے کا نہیں

باقیہ نمبر 19 صفحہ 3 پر

سارا پاکستان پاک فوج کے ساتھ کھڑا ہے

وفاقی وزیر داخلہ

ہزارہ قبیلہ نے دوراندیشی کا ثبوت دے کر ملک کو ہنگامی حالات سے نجات دلائی، پی ڈی ایم میں ہمت ہے تو راولپنڈی آکر دکھائے، شیخ رشید کا خطاب

ہندوستان اپنے سرمائے اور ایجنٹوں کے ذریعے پاکستان کو نقصان پہنچانا چاہتا ہے فوج چوروں اور ڈاکوؤں کیلئے نہیں، پاکستان اور اسلام کیلئے جان دے رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ شیخ رشید احمد نے کہا ہے کہ وزیراعظم عمران خان پاکستان کی سیاست اور معیشت کو ٹھیک کریں گے، عمران خان چوروں اور ڈاکوؤں سے مفاہمت کے بجائے حساب کریں گے، پی ڈی ایم کی تحریک دم توڑ رہی ہے، یہ اسمبلیاں نہیں دیں گے، سینیٹ اور سنی الیکشن میں حصہ نہیں لیں گے، مسلم لیگ (ن) کو اس مقام تک مریم نواز نے پہنچایا، پیپلز پارٹی کا بلوچستان میں کوئی عمل دخل نہیں رہ گیا، ہندوستان اپنے سرمائے اور ایجنٹوں کے ذریعے پاکستان کو نقصان پہنچانا چاہتا ہے فوج چوروں اور ڈاکوؤں کیلئے نہیں، پاکستان اور اسلام کیلئے جان دے رہی ہے، ہزارہ قبیلہ

باقیہ نمبر 4 صفحہ 3 پر

ملک بھر سے اہم خبریں

پاکستان اندھیرے میں ڈوبا ہے اور کسی کو معلوم نہیں کہ ایسا کیوں ہوا ہے؟ مریم اورنگزیب

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) کی ترجمان مریم اورنگزیب نے کہا ہے کہ پاکستان اندھیرے میں ڈوبا

باقیہ نمبر 20 صفحہ 3 پر

عالیہ بدترین بجلی شٹ ڈاؤن نے ثابت کردیا کہ یہ حکومت نالائق اور نااہل ہے، احسن اقبال

نارووال (این این آئی) مسلم لیگ (ن) کے سیکرٹری جنرل احسن اقبال نے کہا ہے کہ اس حکومت کے پاس ملک چلانے کی

باقیہ نمبر 21 صفحہ 3 پر

کووڈ کیس کی جانب سے کی جانے والی پیش رفت سے آگاہ ہیں، جلد ویکسین حاصل کرلینگے، ڈاکٹر فیصل سلطان

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے صحت ڈاکٹر فیصل نے کہا ہے کہ کووڈ کیس کی جانب سے

باقیہ نمبر 22 صفحہ 3 پر

بولان میڈیکل کالج کی سیٹوں کی غیر منصفانہ، میرٹ دشمن تقسیم کے خلاف احتجاجی کیمپ باریوں روز بھی جاری رہا

کوئٹہ (این این آئی) بولان میڈیکل کالج کی سیٹوں کی غیر منصفانہ، میرٹ دشمن تقسیم کے خلاف احتجاجی کیمپ باریوں

باقیہ نمبر 23 صفحہ 3 پر

بی پی پاکستان مسلم لیگ بلوچستان کے قائمقام صدر و سابق اپوزیشن لیڈر صوبائی اسمبلی جمال شاہ کاکڑ میڈیا سے گفتگو کررہے ہیں

ناکام جلسوں کے بعد پی ڈی ایم ٹولے کی سیاست ختم ہوتی نظر آرہی ہیں، نور محمد دمڑ

وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں پاکستان آگے بڑھ رہا ہے، ملک سے کرپشن کا خاتمہ حکومت کا مشن ہے

نام نہاد مذہبی اور قوم پرستوں جماعتیں بلوچستان کی ترقی و خوشحالی نہیں دیکھنا چاہتے ہیں، صوبائی وزیر

کوئٹہ (این این آئی) بی اے پی کے مرکزی رہنماء و صوبائی وزیر پی ایچ ای، واسا حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ آئینی مدت سے حکومت ایک دن بھی پہلے کہیں جانیوالی نہیں، اپوزیشن کے احتجاج سے حکومت کو کوئی خطرہ نہیں اپوزیشن کی سیاست ختم ہوچکی، عوام حکومت کیساتھ ہیں، پی ڈی ایم جتنے مرضی جلسے کرلے حکومت قائم رہے گی، وزیراعظم عمران خان کی قیادت میں پاکستان آگے بڑھ رہا ہے، ملک سے کرپشن کا خاتمہ حکومت کا مشن ہے پی ڈی ایم میں شامل نام نہاد مسترد شدہ قوم پرست اور مذہبی جماعتیں بلوچستان کی ترقی کی راہ پر گامزن نہیں دیکھنا چاہتے بلوچستان کی پسماندگی کے ذمہ دار بھی یہی نام نہاد قوم پرست اور مذہبی جماعتیں ہے جنہوں نے صوبے کے وسائل کو دونوں ہاتھوں سے لوٹ کر اپنے ویک ٹینشن اور کاروبار کو بڑھایا ہے بلوچستان عوام نے ان نام نہاد مذہبی اور قومی پرستوں کو مسترد کردیا ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پی ڈی ایم کی ناکام جلسوں پر اپنے جاری کردہ بیان میں رد عمل کرتے ہوئے کیا

باقیہ نمبر 6 صفحہ 3 پر

ناامل لیگ نے بجلی کے مہنگے ترین معاہدوں میں مال بنایا، ٹرانسمشن لائنز لگانا بھول گئے، ڈاکٹر شہباز گل

پچھلی حکومتوں نے بجلی کی ترسیل کے نظام پر توجہ نہیں دی جس کے باعث عوام کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا

اسلام آباد (این این آئی) وزیراعظم کے معاون خصوصی برائے سیاسی ابلاغ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا ناامل لیگ نے بجلی کے مہنگے ترین معاہدوں میں مال بنایا جس کا خمیازہ آج قوم بھگت رہی ہے۔ گزشتہ کرپٹ حکومتوں نے بجلی کی ترسیل کے نظام پر کوئی توجہ نہیں دی جس کے باعث عوام کو پریشانی کا سامنا کرنا پڑا۔ موجودہ حکومت نے ہمیشہ پاکستان کے ہر مسائل کو سنجیدگی سے حل کیا ہے۔ مینٹیننس بجلی کے بریک ڈاؤن پر موثر حکمت سے قابو پایا گیا ہے۔ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا بجلی کی ٹرانسمشن لائنز میں "ٹیریا" استعمال ہونے کا امکان ہوتا تو مسلم لیگ ن نے بجلی بحران ختم کردینا تھا لیکن ان کرپٹ

باقیہ نمبر 24 صفحہ 3 پر

تجاوزات کیخلاف شہر میں آپریشن کلین اپ جاری رہیگا، حضرت ولی کاکڑ

چمن (آن لائن) ڈپٹی کمشنر چمن قائم لاشاری کی خصوصی ہدایت پر اسسٹنٹ کمشنر چمن حضرت ولی کاکڑ نے لیویز پولیس اور ایف سی کے ہمراہ شہر میں مہم چلائی اور تجاوزات کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے دکانوں کے سامنے تجاوزات اور صفائی کی ناقص صورتحال پر متعدد دکانداروں کو جرمانہ کرکے دکانیں سیل کردیں۔ اسسٹنٹ

باقیہ نمبر 27 صفحہ 3 پر

بجلی کی ترسیل میں تعطل کے بعد بہت سی چہ مگوئیوں نے جنم لیا، وزیر اطلاعات

کابکہ بجلی کا شعبہ ملک میں ریڈ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے مگر ماضی کی حکومت نے جنریشن پر توجہ دی، ترسیل و تقسیم کا نظام عدم توجہ کا شکار رہا

بجلی کی پیداواری صلاحیت 36 ہزار میگاواٹ سے زائد ہے، تاہم ترسیل کا نظام اس سے مطابقت نہیں رکھتا، وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات و نشریات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ بجلی کی ترسیل میں تعطل کے بعد بہت سی چہ مگوئیوں نے جنم لیا، ماضی کی حکومت نے جنریشن پر توجہ دی، ترسیل و تقسیم کا نظام عدم توجہ کا شکار رہا، موجودہ حکومت ترسیل کے نظام کو بہتر بنا رہی ہے۔ اتوار کو وزیر توانائی عمر ایوب خان کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ بجلی کی ترسیل میں تعطل پیدا ہوا جس کے بعد بہت سی چہ مگوئیوں نے جنم لیا۔ وفاقی وزیر نے کابکہ بجلی کا شعبہ ملک میں ریڈ کی ہڈی کی حیثیت رکھتا ہے مگر ماضی کی حکومت نے جنریشن پر توجہ دی، ترسیل و تقسیم کا نظام عدم توجہ کا شکار رہا۔ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ ان کے ترسیل کے نظام میں نئی ٹیکنالوجی کو متعارف نہیں کرایا گیا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ بجلی کی پیداواری صلاحیت 36 ہزار میگاواٹ سے زائد ہے، تاہم ترسیل کا نظام اس سے مطابقت نہیں رکھتا۔ وفاقی وزیر نے کہا کہ نظام کی اپ گریڈیشن نہ ہونے کی وجہ سے تکنیکی مسائل کا سامنا ہے، ہماری کی لائن جلد مکمل ہونے کو ہے۔ انہوں

باقیہ نمبر 5 صفحہ 3 پر

ملک کے مختلف حصوں میں بجلی کی بحالی کا سہرا عمر ایوب اور ان کی ٹیم کی انتھک محنت کے سر ہے، وزیر اطلاعات

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر اطلاعات سینیٹر شبلی فراز نے کہا ہے کہ ملک کے مختلف حصوں میں بجلی کی بحالی کا سہرا عمر ایوب اور ان کی ٹیم کی انتھک محنت کے سر ہے۔ ٹوئٹر پر اپنے بیان میں وزیر اطلاعات نے کہا کہ ملک کے مختلف حصوں میں بجلی کی بحالی کا سہرا عمر ایوب اور ان کی ٹیم کی انتھک محنت کے سر ہے، رات بھر انہوں

باقیہ نمبر 26 صفحہ 3 پر

بریک ڈاؤن کے بعد لاہور اور دیگر کئی شہروں میں 16 سے 17 گھنٹے بعد بجلی کی مکمل بحالی ہوسکی

کئی علاقوں میں بجلی بحالی کے بعد دوبارہ بند ہوگئی، بجلی کی عدم دستیابی کے باعث پانی کی بھی شدید قلت

بریک ڈاؤن سے عوام کے ذہنوں میں کئی طرح کے خدشات جنم لیتے رہے، ایئرپورٹ کے نظام میں بھی تعطل

لاہور (این این آئی) ملک میں بجلی کے بریک ڈاؤن کے بعد صوبائی دارالحکومت لاہور اور دیگر کئی شہروں میں 16 سے 17 گھنٹے بعد بجلی کی مکمل بحالی ہوسکی، پنجاب کے کئی علاقوں میں بجلی بحال ہونے کے بعد دوبارہ بند ہوگئی، بجلی کی عدم دستیابی کے باعث پانی کی بھی شدید قلت پیدا ہوگئی، بریک ڈاؤن سے عوام کے ذہنوں میں کئی طرح کے خدشات بھی جنم لیتے رہے، بجلی کے بریک ڈاؤن کے دوران ایئرپورٹ کے نظام میں بھی تعطل آیا تاہم اسے فوری طور پر جنریٹرز پر بحال کرلیا گیا۔ تفصیلات

باقیہ نمبر 25 صفحہ 3 پر

حکمران بوکھلاہٹ کے شکار ہوکر پروپیگنڈا پر اتر آئے ہیں، عبدالغفور حیدری

حکومتی صف میں چمکادڑ بیٹھے ہیں جنہیں پی ڈی ایم کے بڑے جلسے چھوٹے نظر آتے ہیں

حکومت کی جانب سے ہزارہ برادری سے کئے گئے معاہدے پر توقع نہیں کی جاسکتی کہ حکمران وعدے پورے کریگی، میڈیا سے بات چیت

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی سیکرٹری جنرل سینیٹر مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا ہے کہ شیخ رشید اپنے وعدے پر قائم رہے 19 جنوری کو پی ڈی ایم آرہی ہے حکمرانوں کو پروازیں والا جمعیت علماء اسلام کا ورکر نظر آتا ہے حکومتی صف میں چمکادڑ بیٹھے ہیں جنہیں پی ڈی ایم کے بڑے جلسے چھوٹے نظر آتے ہیں پی ڈی ایم کے سینیٹ الیکشن میں جانے کے فیصلے سے کیسے نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ پی ڈی ایم کمزور ہورہی ہے حکمران بوکھلاہٹ کے شکار ہوکر پروپیگنڈوں پر اتر آئے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کیا مولانا عبدالغفور حیدری نے کہا کہ پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کی سینیٹ الیکشن میں فیصلے سے کیسے یہ نتیجہ اخذ کیا جاسکتا ہے کہ پی ڈی ایم کمزور ہورہی ہے حکمران پی ڈی ایم کی کامیابی سے بوکھلاہٹ کا شکار ہے اور اپنی بوکھلاہٹ

باقیہ نمبر 7 صفحہ 3 پر

ٹیکس وصولی کے حوالے سے اہم پیش رفت، چھ ماہ کی مدت میں ریکارڈ ٹیکس وصولی

اسلام آباد (این این آئی) چھ ماہ کی مدت میں ریکارڈ ٹیکس وصولی ہوئی۔ گزشتہ روز وزیراعظم عمران خان نے ٹیکس اصلاحات پر جائزہ اجلاس کی صدارت کی۔ اجلاس میں وفاقی وزراء عبدالحفیظ شیخ، شبلی فراز، حماد اظہر، مشیر ڈاکٹر عشرت حسین، معاون خصوصی ڈاکٹر وقار مسعود، چیئرمین فیڈرل

باقیہ نمبر 31 صفحہ 3 پر

بلدیاتی انتخابات کے لیے تیاریاں کرے، مولانا عبدالقادر لونی

وفاق المدارس کے صدارت کے لیے متنازع شخص مسلط ہونے کی کوشش ہورہی ہے

کوئٹہ (آن لائن) وفاق المدارس کسی کو برداشت کرنے نہیں دیگے وفاق المدارس کے صدارت کے لیے متنازع شخص مسلط ہونے کی کوشش ہورہی ہے جنہوں نے اکابرین کی جماعت کو ٹیلام کرکے اب مدارس کو ٹیلام کیا جارہا ہے بلدیاتی انتخابات کے لیے تیاریاں کرے جمعیت علماء اسلام انتخابات میں بھرپور حصہ لیں گے جمعیت علماء اسلام بلوچستان کے صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی کے صدارت میں منعقد ہوئی اجلاس کی ایجنڈے جنرل سیکرٹری حافظ عبداللہ

باقیہ نمبر 30 صفحہ 3 پر

اسلام آباد؛ پنجاب میں پاکستان پیپلز پارٹی بلاول بھٹو زرداری سینیٹر مصطفیٰ کھوکھر کے انتقال پر اظہار تعزیت کررہے ہیں

متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے شاہی خاندان کے 11 افراد تکور کے شکار کے لیے مکران ڈویژن کے علاقے پنجگور پہنچ گئے

کوئٹہ (آن لائن) متحدہ عرب امارات (یو اے ای) کے شاہی خاندان کے 11 افراد تکور کے شکار کے لیے مکران ڈویژن کے علاقے پنجگور پہنچ گئے۔ ذان نیوز کے مطابق سرکاری ذرائع کا کہنا تھا کہ یو اے ای کے شاہی خاندان کے مذکورہ افراد خصوصی طیارے کے ذریعے پنجگور ایئرپورٹ پہنچے، مذکورہ وفد کی سربراہی شیخ خلیفہ سیف النہیان اور

باقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

ایران کو یورینیم افزودگی کی اجازت نہیں دیں گے، امریکی وزیر خارجہ

ایران کو کسی بھی قیمت پر یورینیم کی افزودگی سے روکنا ضروری ہے، مائیک پومپیو کا بیان

واشنگٹن (این این آئی) امریکی وزیر خارجہ مائیک پومپیو نے کہا ہے کہ ایران کو کسی بھی سطح پر یورینیم کی افزودگی کی اجازت نہیں دی جانی چاہیے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق امریکی وزیر خارجہ کے ایک بیان میں کہا گیا کہ ایران کو کسی بھی قیمت پر یورینیم کی افزودگی سے روکنا ضروری ہے۔ قابل ذکر ہے کہ ایران پر امریکی انتظامیہ کی پابندیوں کو ختم کرنے کے لیے ایران جوابی اقدامات کررہا ہے۔ ایرانی پارلیمنٹ کے ایک ممبر نے بین الاقوامی جوہری توانائی ایجنسی کے انسپکٹرز کو ملک بدر کرنے کی دھمکی دی ہے۔

سلوا بارڈر کراسنگ کھل گئی، قطر سے ساڑھے تین سال کے بعد گاڑیوں کا سعودی عرب میں داخلہ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب اور قطر کے درمیان واقع سرحدی گذرگاہ کوئی ساڑھے تین سال کے بعد کھول دی گئی ہے اور قطر سے پہلی قطری گاڑی سعودی عرب کی حدود میں داخل ہوگئی۔ عرب ٹی وی کے مطابق سعودی عرب، متحدہ عرب امارات، بحرین اور مصر نے جون 2017 میں

باقیہ نمبر 32 صفحہ 3 پر

اسلامی حکومت میں ہی عوام کے مسائل حل ہوسکتے ہیں، سراج الحق

حکومتوں میں جرم و لوٹ مار پر سزا ملتی تو بدعنوانی میں اتنا اضافہ نہیں ہوتا، بدقسمتی سے لٹیروں کی سرپرستی ہورہی ہے جس کی وجہ سے لٹیرے دلیر بن گئے ہیں

جماعت اسلامی سیاست، عدالت و حکومت کو اسلامی بنانے کی جدوجہد کررہی ہے تاکہ عدل و انصاف قائم ہو اور مجرم کو سزا مل سکیں، خطاب

کوئٹہ (این این آئی) امیر جماعت اسلامی پاکستان سینیٹر سراج الحق نے کہا کہ اسلامی حکومت میں ہی عوام کے مسائل حل ہوسکتے ہیں، حکومتوں میں جرم و لوٹ مار پر سزا ملتی تو بدعنوانی میں اتنا اضافہ نہیں ہوتا۔ بدقسمتی سے لٹیروں کی سرپرستی ہورہی ہے جس کی وجہ سے لٹیرے دلیر بن گئے ہیں جماعت اسلامی سیاست، عدالت و حکومت کو اسلامی بنانے کی جدوجہد کررہی ہے تاکہ عدل و انصاف قائم ہو اور مجرم کو سزا مل سکیں۔ بدقسمتی سے سابقہ و موجودہ حکومت کے پالیسیاں ایک ہیں۔ سودی نظام ہو یا امریکی، ورلڈ بینک اور آئی ایم ایف کی غلامی ہو، کشمیر پر ہندوستان کے ساتھ ساز باز، فحاشی و عریانی پھیلانا ہو یا

باقیہ نمبر 9 صفحہ 3 پر

امریکا اپنے تحفظات کو بھارت کی دہشت گردی پر مرکوز کرے، دفتر خارجہ

تحقیقات، مقدمات پر کارروائی اور سزا دیئے جانے کا عمل پاکستان کے قانونی نظام کے موثر ہونے کا مظہر ہے

پاکستان اپنے دستور کی مکمل پاسداری اور اپنی عالمی ذمہ داریاں پوری کررہا ہے، ترجمان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان نے کہا ہے کہ بھارت کی طرف سے ہچکچاہٹ کے نتیجے میں ممبئی کیس میں قانونی عمل ابھی تک تعطل کا شکار ہے لہٰذا امریکا اپنے تحفظات دہشت گردی کی بھارتی منصوبہ بندی اور فروغ کیلئے رکھے، بہتر عمل کے ذریعے تحقیقات، مقدمات پر کارروائی اور سزا دیئے جانے کا عمل پاکستان کے قانونی نظام کے موثر ہونے کا مظہر ہے۔ اتوار کو کالعدم تنظیم کے رہنما کو سزا سے متعلق امریکی بیان کے ردعمل میں دفتر خارجہ کے ترجمان زاہ

روزنامہ شال کوئٹہ
Daily SHAL
www.dailyshal.com

اداریہ
EDITORIAL

لکھنے کے خواہش مند حضرات اپنے کالم اور مضامین مندرجہ ذیل پتے پر بھیج دیں۔
پتہ: شال گروپ آف پبلی کیشنز 1 مریم ٹاؤن سبزل روڈ کوئٹہ۔
ای میل ایڈریس برائے اشتہارات۔ addshalquetta@gmail.com
ای میل ایڈریس برائے مضامین وخبریں۔ shalquetta@gmail.com

11 جنوری 2021ء

ملک گیر بجلی کے بڑے بریک ڈاؤن

ملک گیر بجلی کے بڑے بریک ڈاؤن کے بعد صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت مختلف علاقوں میں 14 گھنٹے بعد بجلی بحال کردی گئی تاہم مختلف علاقوں میں بجلی کی بحالی بتدریج جاری ہے تفصیلات کے مطابق 220 کے وی ٹرانسمیشن لائن کی بحالی کے بعد کیسکو گرڈ اسٹیشنز کو بجلی کی فراہمی کا سلسلہ شروع کردیا گیا ہے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت مختلف علاقوں میں 14 گھنٹے بعد بجلی کی فراہمی کا سلسلہ بتدریج جاری ہے کیسکو حکام کے مطابق لوڈ کی تناسب سے مرحلہ وار شہر کے تمام فیڈرز کو آہستہ آہستہ بجلی کی فراہمی شروع کردی گئی ہے پہلے مرحلے میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاوہ مختلف اضلاع رکنی، بارکھان، کوہلو، لورالائی، ڈیرہ مراد جمالی، گنداخہ، اوستہ محمد، جھل مگسی، صحبت پور، سبی، بولان ودیگر کے گرڈ اسٹیشنز کو بھی بجلی کی فراہمی مرحلہ وار شروع کردی گئی ہے کیسکو حکام کے مطابق بجلی کی بحالی میں ہسپتالوں والے ایریاز کو ترجیح دی جارہی ہے صارفین اطمینان رکھیں، بحالی میں محنت کش اپنی کوششیں کررہے ہیں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی کی بریک ڈاؤن کے بعد لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا جبکہ پرنٹ میڈیا کے چھپائی کا کام بھی متاثر ہوا۔

2020 کے اختتام کی بڑی خبر!

اردو ہماری قومی زبان ہونے کے ساتھ ساتھ ایک عالمی سطح پر مقبول اور معروف زبان ہونے کا اعزاز بھی رکھتی ہے اور سال 2020 کے اختتام پر اہل اردو کیلئے سب سے بڑی خبر بھی آگئی

الحمدللہ! اقوام متحدہ نے اردو کی بین الاقوامی حیثیت کو مان لیا! اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل کا پیغام پہلی مرتبہ چھ عالمی زبانوں کے ساتھ اردو میں بھی نشر ہوا۔ انشاءاللہ! 2021 کی سب سے بڑی خبر پاکستان میں ہر شعبہ زندگی تعلیم عدالت سرکاری مراسلت میں اردو کا نفاذ ہوگی!

محبان نفاذ اردو سے درخواست ہے کہ وہ اردو کو عالمی زبان کا درجہ ملنے پر اپنے رب کے حضور شکرانے کے نوافل ادا کریں۔

اب پاکستان کے غلاموں کے پاس انگریزی مسلط کرنے کے تمام جواز ملیامیٹ ہوچکے ہیں

کشمیر تا گوادر!
چلو چلو نفاذ اردو ریلی میں چلو!

پاکستان قومی زبان تحریک نے چوبیس جنوری کو سہ پہر تین بجے ایک ملک "گیر نفاذ اردو ریلی" کا اعلان کیا ہے۔ اس ریلی کا مقصد عدالت عظمیٰ کے فیصلے پر عملدرآمد کے لئے حکومت کو آمادہ کرنا ہے۔ کشمیر لاہور کراچی کوئٹہ پشاور میں یہ ریلیاں نکالی جائیں گی۔ جس میں استاد طلبا، سیاستدان تاجر وکلا مزارعین کلرک نرس ڈاکٹر تاجر کسان علماء مسلمان غیر مسلم تمام مسلک مزدور غرض ہر طبقہ زندگی کی بھرپور نمائندگی ہوگی۔ ان سب کا صرف ایک مطالبہ ہوگا۔ کہ دستور اور عدالت عظمیٰ کے فیصلے کے مطابق تمام مقابلے کے امتحان اردو میں لو اردو کو پاکستان کی عدالت تعلیم اور سرکاری زبان بناؤ! ہم نے اس ریلی کے سلسلے میں ہر صوبے کے منتظمین مقرر کئے ہیں اس ریلی کے انتظامی امور کے ذمے دار ہوں گے۔ براہ کرم! اہل ازاد کشمیر نفاذ اردو ریلی میں شرکت کے لئے ہمارے ان منتظمین سے رابطہ کریں!

پاکستان قومی زبان تحریک پاکستان میں نفاذ اردو کے لئے کام کرنے والی سب سے بڑی تنظیم ہے۔ اس تنظیم کے زیر اہتمام نفاذ اردو کا پیغام پاکستان کے ہر کونے اور ہر گوشے تک پہنچایا گیا۔ بے شمار اجلاس،

جلسے، جلوس، مظاہرے، کانفرنسیں، ملاقاتیں اور رابطے اس تحریک کا اثاثہ ہیں۔

نفاذ اردو کے مطالبے کو ایک قومی اور عوامی مطالبہ بنا دینا اس تحریک کا کارنامہ نمایاں ہے

اردو کی اہمیت سے انکار نہیں کیا جاسکتا

برصغیر میں مسلمانوں کی آمد ہوئی تو یہاں عربی اور فارسی زبان بھی بولی جانے لگی اور وہ یہاں کی سب سے بڑی مقامی زبان ہندی کے ساتھ ملتی گئی اور ان کی آمیزش اتنی بڑھی کہ اس نئی زبان کو ریختہ کا نام دیا گیا۔ ریختہ کے معنی اور وجہ تسمیہ کے بارے میں ممتاز ماہر لسانیات حافظ محمود نے لکھا ہے کہ ریختہ کے معنی چونا سفیدی کا مرکب بھی ہے جبکہ ریختہ کا لفظ پختگی کے معنوں میں بھی مستعمل ہے۔ اردو لکھنے کے 2 طریقے بیان کیے جاتے ہیں ایک کو تعلیق رسم الخط کہا جاتا ہے اور دوسرا زود نوشتہ یعنی کہ شکستہ طرز تحریر۔ ریختہ مختلف مراحل طے کرکے اردو کے نام تک پہنچ گیا جسے لشکری زبان بھی کہا جاتا ہے۔ اردو زبان کا دامن کشادہ اور وسیع ہوگیا دنیا کی بہت سی زبانوں کو خود میں سمونے کی صلاحیت اور استعداد پیدا کرلی ہے اور اس کے بولنے اتنی لطافت اور مٹھاس آگئی کہ بہت سے غیر اردو زبان کے شعراء نے بھی اپنی مادری زبان کے بجائے اردو میں شاعری کرنے کو ترجیح دی اور اردو کے بڑے شعراء کی صف اول میں شامل ہوگئے ان میں پاکستان سے تعلق رکھنے والے منیر نیازی، احمد فراز، قتیل شفائی، احمد ندیم قاسمی، عطاء الحق قاسمی اور عطا شاد ودیگر شامل ہیں جن کے نام اس وقت یاد نہیں آرہے ہیں جبکہ ہندوستان میں بھی بہت سے ہندو اور سکھ شعراء اور شاعرات بھی اپنی مادری زبان سے زیادہ اردو زبان میں شاعری کی اور اردو شاعر کے طور پر مشہور ہوگئے۔ اردو کی کشش، سلاست اور دلکشی کے بارے میں پنڈت گلزار دہلوی نے کیا خوب کہا ہے کہ

اپنے محبوب کی خاطر تھی خدا کو منظور
ورنہ قرآں بھی اترتا نہ زبان اردو

ایسی اردو جسے شرفا کی زبان کہا جاتا ہے وہ "اردوئے معلیٰ" کہلاتی ہے ایک روایت کے مطابق یہ زبان مغلیہ دربار اور قلعہ شاہی میں پروان چڑھی۔ اہل زبان نے اردوئے معلیٰ کو فصاحت اور سلاست کا مرقع کہا ہے۔ اس کی اپنی ایک خصوصی مٹھاس ہے۔ خطوط غالب کے مجموعے کا نام بھی اردوئے معلیٰ ہے۔ ایک اردوئے معلیٰ جسے لکھنو کے عمائدین اور سخن ور بولتے ہیں۔ اردوئے معلیٰ کا لہجہ بہت پرلطف اور پرتکلف ہے۔ لکھنوی زبان رنگین بیانی اور حسن آرائی سے بھرپور ہے۔ اردوئے معلیٰ اور اردوئے مطلا میں چاند اور سورج جیسا رشتہ محسوس ہوتا ہے۔ بہت عالم فاضل لوگ اپنی بول چال میں لغت کے بھاری بھرکم مشکل الفاظ استعمال کرتے ہیں۔

پاکستان: 2021 علم الاعداد کی روشنی میں

آپ کے علم میں ہے علم الاعداد سے حالات وواقعات کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے اس علم کو حضرت امام جعفرؒ صادق سے بھی منسوب کیا جاتا ہے لیکن

الیاس محمد حسین

قدیم چین کے لوگ بھی اس علم سے استفادہ کرنے کی سند موجود ہے ہوسکتا ہے حضرت امام جعفرؒ صادق نے علم الاعداد کو نئی جہتیں بخش کر مزید طاقتور بنادیا ہو بہرحال آپ کی دلچسپی کے پیش نظر علم الاعداد کی روشنی میں یہ سال کیسا رہے گا؟ کے کچھ پوشیدہ پہلوؤں کا تذکرہ کریں گے آپ کے لئے یہ جاننا ضروری ہے تاکہ آپ اس کی روشنی میں باخبر ہوسکیں علم الاعداد بھی ایک علم ہے علی ہذا القیاس جس سے مستقبل کا اندازہ لگایا جاسکتا ہے 2021 سال کا مفرد 5 ہے 5 کا تعلق تبدیلی کو ایک مخصوص سمت دینا ہے۔ 4 تبدیلی کا سال تھا جس کے دن کا نمبر 5 نئی صورت حال کی فہم وفراست کی روشنی میں نئے ادکامات اور نئی راہوں کا تعین ہے، 5 نمبر کا تعلق عطارد سے ہے جو کہ عقل، سمجھ بوجھ، نئی اختراعات، نئی ایجادات اور نئے قوانین سے متعلق ہے، کائنات کا مواصلاتی نظام بھی 5 کے ہی تحت ہے، اس سال ہماری دنیا ایک نئے مواصلاتی نظام سے متعارف ہوسکتی ہے، سوشل، الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا نئی راہوں سے متعارف ہوسکتا ہے 5 کا عدد ایک مکمل تبدیلی اور مسلسل تبدیلی کا عدد ہے۔ 5 کے عدد میں پارہ صفتی موجود ہے۔ 2021 اور پاکستان! پاکستان اور انڈیا کا پیدائشی دن اور نمبر ایک ہی نمبر 8 ہے۔ 8 نمبر ایک عجیب نمبر ہے۔ مسلسل خرابی یا مسلسل بہتری۔ اس نمبر کو دیکھیے، جب سے پاکستان اور انڈیا کی ریاستیں وجود میں آئی ہیں مسلسل خرابیوں اور مسائل کی دلدل میں ہیں۔

8 نمبر پاکستان کا پیدائشی عدد ہے اور اس روز جمعہ تھا۔ یعنی اس روز 6 کا عدد متحرک تھا۔ 6 شہرت کا عدد ہے 6 اور 8 کا امتزاج 5 ہے اور گویا ہم کہہ سکتے ہیں کہ ایک طرح سے پاکستان کا نمبر 5 بھی ہے۔ اسی 5 عدد کی ہی بنا پر پاکستان پوری دنیا کی خبروں میں موجود رہتا ہے۔ اس کی وجوہات مختلف ہوسکتی ہیں، لیکن یہ حقیقت ہے کہ پاکستان دنیا کے تمام ممالک کی نظر میں اپنی جداگانہ شناخت رکھتا ہے۔

2021 کا عدد 5 ہے اور پاکستان کا ذاتی عدد 8!

اعداد کی زبان سمجھنے کی کوشش کی جائے تو ہم کہہ سکتے ہیں 2021 بہ نسبت 2020 کے زیادہ ہنگامہ خیز اور اہم تبدیلیوں کی بنیاد رکھ رہا ہے۔ ہر ماہ اپنی جگہ ایک نیا دروازہ کھول رہا ہے۔ 8 اور 5 کا مفرد 13 اور 13 کا مفرد 4 ہے۔ گویا ایک تبدیلی کا سال جیسا کہ 2020 پوری دنیا کے لیے رہا۔ 2020 نے پوری دنیا کو اپنی لپیٹ میں لیا، 2021 میں پاکستان کو اندرونی اور بیرونی امور اپنی لپیٹ میں لے کر نئے قوانین اور نئی بنیادوں کی سمت لے جاتے ہوئے محسوس ہوتے ہیں۔ جنوری اور فروری میں نئی سیاسی صورت حال کی وجہ سے جمہوری نظام کی موجودہ بوسیدہ دیوار کو دھکا لگ سکتا ہے یعنی اپوزیشن حاوی بھی ہوسکتی ہے یا اپنے مفادات میں کچھ آئینی ترمیم یا قوانین میں ردوبدل کروانے میں کامیاب ہوسکتی ہے جس سے اپوزیشن کی احتجاجی تحریک ٹائیں ٹائیں فش ہوجائے گی۔ مئی میں نئے معاہدوں یا موجودہ جاری کاموں میں تبدیلی کا امکان ہے کچھ انجنیئر ریاستی افراد کا امتحان لے سکتی ہیں۔ جون اور جولائی حکومت میں شامل اہم شخصیات کے لئے مسائل لاسکتا ہے بڑی شخصیات کو اپنی سیکیورٹی کو یقینی بنانے کی ضرورت ہوگی۔ اگست میں چین سے جاری مشترکہ معاہدوں سے فائدے اور کچھ مسائل کا بھی اندیشہ ہوسکتا ہے۔

ستمبر میں بڑی تبدیلیوں کا امکان ہے اور کچھ نئے فیصلے اثاثوں میں بہتری کی امید پیدا کرسکتے ہیں، روپے کی ویلیو بہتر ہوتی نظر آتی ہے۔ 15 نومبر سے 15 دسمبر کے درمیان کچھ پیشلیٹز کا سامنا ہوسکتا ہے اور کچھ ادارے اپنی حدود پھلانگ سکتے ہیں۔ یہ مہینہ حکمرانوں کے لئے خطرناک بھی ثابت ہوسکتا ہے اس لئے سیاستدانوں کو محتاط رہنے کی ضرورت ہے۔

ظلم کی انتہا

اسلام علیکم پارے دوستو! ظلم کی انتہا ہوگئی کوئٹہ میں انتہائی افسوس ناک واقعہ پیش آیا جس نے انسانیت کے سر شرم سے جھکا دیئے۔ ہزارہ

فیصل شامی

برادری کے افراد کو ہاتھ پاؤں باندھ کے انتہائی بے رحمی سے قتل کردیا گیا پانچ دن گزرنے کے باوجود بھی وزیراعظم پاکستان کوئٹہ جانے کا کوئی فیصلہ نہ کرسکے جبکہ مظلوم تڑپ تڑپ کے بلک بلک کے جناب وزیراعظم کو یاد کررہے ہیں اپنے پیاروں پہ ہونے والی ظلم کی داستان ان کے گوش گزار کرنا چاہتے ہیں لیکن جناب وزیراعظم مظلومین کی فریاد سننے کے لئے کوئٹہ جانے سے کنی کتراتے نظر آرہے ہیں۔

جی ہاں سب جانتے ہیں کہ پانچ روز قبل کوئٹہ میں ہزارہ برادری کے افراد کو انتہائی بے رحمی وسفاکی سے قتل کیا گیا۔ ویسے تو کوئٹہ ہی کیا ملک بھر میں ہی دہشت گردی کے لاتعداد واقعات پیش آچکے ہیں جن میں کروڑوں بے گناہ افراد جان کی بازی ہار گئے، دہشت گردوں کی خونی کاروائیوں کا نشانہ بن گئے۔ اب کوئٹہ میں ہونے والی اس واردات نے ملک بھر میں گویا بھونچال سا پیدا کردیا۔ ہزارہ برادری کے افراد کو انتہائی بے رحمانہ طریقے سے قتل کیا گیا جس کے بعد ملک بھر میں افسوس کی کیفیت تو طاری ہوئی لیکن جگہ جگہ احتجاج بھی شروع ہوگیا سب سے افسوسناک بات تو یہ ٹھہری کہ دہشت گردی کا نشانہ بننے والے افراد کے لواحقین نے مطالبہ کردیا کہ وزیراعظم پاکستان کوئٹہ آئیں ہزارہ برادری کے مظلوم لوگوں کی آوازسنیں اور لواحقین نے تو یہ تہیہ کیا ہوا ہیکہ جب تک جناب وزیراعظم ان کے پاس کوئٹہ نہیں آئیں گے وہ اپنے پیاروں کی تدفین نہیں کریں گے۔

یہ یقیناً انتہائی تشویش ناک بات ہے پانچ روز گزرنے کے باوجود بھی ہزارہ برادری کے عوام قتل ہونے والے افراد کی لاشیں لئے سڑکوں پہ بیٹھے ہیں۔ وزیراعظم کو یاد کررہے ہیں لیکن ریاست مدینہ کی دعویدار ریاست کے حکمران مظلوموں کے پاس جانے کے لئے تیار نہیں البتہ مالی امداد کے لئے ضرور تیار ہیں۔ کوئٹہ کی شدید سردی میں بھی ہزارہ برادری کے لوگ سڑکوں پر دھرنا دیئے بیٹھے ہیں نہ صرف وزیراعظم سے ملاقات کی خواہش کررہے ہیں بلکہ سفاک ظالم قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ بھی کررہے ہیں اور پاکستانی عوام بھی چیخ چیخ کے جناب وزیراعظم سے مطالبہ کررہی ہے کہ جناب وزیراعظم کوئٹہ جا کے ہزارہ برادری کے افراد کو تسلی دیں اور حالات کی بہتری کے لئے قدم اٹھائیں۔ بہرحال انتہائی افسوس ناک واقعہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے اور پوری پاکستانی قوم کی طرح ہمارا بھی یہی مطالبہ ہے کہ جلد از جلد کوئٹہ میں مظلوم ومعصوم بے گناہ شہریوں کا خون بہانے والوں کے خلاف سخت سے سخت کاروائی کی جائے۔ تو اجازت اسی دعا کے ساتھ کہ اللہ پاک سانحہ کوئٹہ میں شہید ہونے والوں کی مغفرت فرمائے اور انھیں جنت میں جگہ عطاء فرمائے آمین تو چلتے چلتے اللہ نگہبان رب راکھا

☆☆☆☆☆

حکومت گئی

2020 سے ہی ہم حکومت کے جانے اور پی ڈی ایم کے آنے کی بات سن رہے ہیں یہ پی ڈی ایم آخر ہے کیا اور کیوں حکومت کو چلتا کرنا چاہتی ہے بقول

شمع باسط

حکومت کے پی ڈی ایم ایک ایسا ٹولا ہے کہ جو چوروں ڈاکوؤں اور لٹیروں پر مبنی ہے جبکہ پی ڈی ایم کے بقول حکومت کا ووٹ چوروں اور سلیکٹڈ کا ٹولہ ہے ان دونوں پارٹیوں میں کیا کسی کو یہ بھی خبر ہے کہ عوام ان دونوں پارٹیوں یعنی حکومت اور اپوزیشن کی بیان بازی سے بالکل بے خبر ہیں انہیں تو مہنگائی کی کھانے پینے کی گزر بسر کی فکر ہے کہ اسے کیسے پورا کرنا ہے عوام کو کوئی فرق نہیں پڑتا کہ پی ڈی ایم حکومت کو لے ڈوبے یا حکومت پی ڈی ایم ٹیم کو لے ڈوبے روز روز کی بیان بازی حکومت آئی حکومت گئی کی ہے صرف یہ ہی خبریں ہیں جو کہ عوام کے لیے رہ گئی ہیں۔

کیا ہمارا کسی اچھی خبر پر کوئی حق نہیں کیا ہم نہیں چاہتے کہ فلاحی کاموں کی طرف توجہ دی جائے ہمارے لیے اچھے عوام دوست منصوبے متعارف کروائے جائیں کبھی عمران خان کی طرف سے یہ بیان سننے کو ملتا کہ چائنا کی طرز پہ ترقی ہوگی کہاں گئیں وہ ترقیاں کہاں گئی وہ ریاست مدینہ عوام کے سامنے لایا جائے کہ اسلام آباد میں میں دن دہاڑے نوجوان کے قتل ہونے کی اصل وجوہات ہیں کیا لاہور میں دو بہنوں کے قتل کی حقیقت کیا ہے موٹروے زیادتی کیس کا کیا بنا کہاں ہیں اس کے اصل مجرم ہم جاننا چاہتے ہیں بہت افسوس ہوتا ہے کہ جب میڈیا رینکنگ کے چکر میں میں ہر خبر کچھ دن تو اظہار کرتا ہے مگر جیسے ہی خبر پرانی ہوجاتی ہے تو میڈیا بالکل بھول جاتا ہے ہے شاید میڈیا پر بھی دباؤ ہوتا ہوگا میڈیا کی بھی مجبوریاں ہوتی ہونگی کیا میڈیا بھی آزادی رائے کا اختیار نہیں رکھتا کیا میڈیا بھی کمزور ہے کبھی مذہب کا اور کبھی لسانی بنیاد پہ کب تک لوگ شہید ہوتے رہیں گے۔

مولانا فضل الرحمن فرماتے ہیں کہ سنیٹ کہاں ہے مولانا صاحب پی ڈی ایم کے پلیٹ فارم سے تو آپ کو سنیٹ نظر آتی ہے مگر ہزار واقعہ کے بعد آپ کو سنیٹ کیوں نہیں نظر آرہی ہم یہ نہیں کہتے کہ حکومت کی وجہ سے دودھ اور شہد کی نہریں بہنے لگ گئی ہیں مگر دشمن کے حملوں سے سنیٹ الرٹ جاری کرتی رہتی ہے بحیثیت مسلمان اور پاکستانی ہر شخص ہر بندہ افسردہ ہے تکلیف میں ہے سانحہ ہزارہ پہ مگر مولانا صاحب ہر واقعہ پر تنقید ہر چیز کا حل نہیں ہوتی کوئی بھی پاکستانی پاکستانیوں کو تکلیف میں نہیں دیکھ سکتا۔ اللہ پاکستان کو محفوظ رکھے پاکستان ہے تو ہم سب ہیں عوام اب حکومت اور پی ڈی ایم کے ڈراموں سے نالاں ہیں چک چک سے تنگ آچکے ہیں کہ آج حکومت آئی آج حکومت گئی 22 سال کی جدوجہد کے بعد اگر حکومت آہی گئی ہے تو پانچ سال کی مدت پوری کرنے دیجیے بعد میں عوام فیصلہ خود کرے گی کہ ووٹ کی طاقت سے کس کو دوبارہ لانا ہے اور کس کو گھر بھیجنا ہے۔

ہم خود تبدیلی خواہاں میں سے ہیں مگر تبدیلی نظر آئے بھی تو بات پھر وہی کہ حلوہ گرم گرم نہیں کھانا چاہیے اور اپوزیشن جو کہ پہلے ہی قریب المرگ ہے سے گزارش ہے کہ فائدہ کوئی نہیں حکومت کو چھیڑنے کا اور نہ ہی آپ کے اتحاد میں کوئی ایسی اہم بات ہے کہ وزیر اعظم استعفیٰ دیں، آپ سب اپنے اپنے عدالتی کیسز پر توجہ دیں اور اپنے آپ کو صادق اور امین ثابت کریں باقی پھر عوام جانے اور حکومت دیکھتے ہیں ووٹ کو عزت ملتی ہے یا پھر کرکٹ کو، کرکٹ سے یاد آیا نیوزی لینڈ کا دورہ کرکے کے ہماری کرکٹ ٹیم تاریخی ناکامی کے بعد وطن واپس لوٹنے والی ہوگی اور اس سے قبل قومی کھلاڑیوں نے ایک دوسرے پر الزامات کا طوفان بدتمیزی اظہار کہا ہے کھلاڑی جو کہ ہر ملک کا سفیر ہوتا ہے آپس میں اس قسم کی زبان استعمال کریں گے تو باقی لوگوں کا کیا حال ہوگا ایک امید تھی کہ 2021 میں شاید کچھ بہتری آئے اور ہم ثابت قدم متحد قوم کی طرح مضبوطی کے ساتھ نئے سال میں داخل ہوتے مگر پھر وہی اپوزیشن اور حکومت کے ایک دوسرے کو ساس بہو والے طعنے اور پریس کانفرنس بامقابلہ پریس کانفرنس جاری وساری ہے عوام چاہتی ہے کہ سکھ کا سانس آئے اور اچھی خبریں سننے کو ملیں دیکھتے ہیں پاکستان کے حالات کب اچھے ہوتے ہیں ہم سب پاکستان کی سلامتی کے لیے دعا گو ہیں۔

نفاذ اردو ضروری ہے

نبیلہ شہزاد

مولانا آزاد نے اس کی غلطی درست کرکے کہا کہ یوں کہو۔ ملاقات کے اختتام پر وائسرائے نے مولانا آزاد سے پوچھا "جب آپ کو انگریزی آتی ہے تو ساتھ ترجمان کیوں بٹھایا؟" مولانا نے جواب دیا، "آپ ہزاروں میل چل کر اپنی زبان نہیں چھوڑ سکتے۔ میں گھر بیٹھے ہوئے کیسے اپنی زبان چھوڑ دوں"۔ یہ تو تھا مولانا ابوالکلام آزاد کا سکھایا ہوا سبق۔۔ اب ہم آتے ہیں اپنی زبان اردو کی طرف۔۔۔ اردو ترکی زبان کا لفظ ہے جس کے معنی لشکر یا فوج ہے۔ اسے لشکری زبان بھی کہا جاتا ہے کیونکہ یہ ہندی، ترکی، عربی، فارسی اور سنسکرت زبان کا مرکب ہے۔ اور یہ برصغیر میں سب سے زیادہ بولی اور سمجھی جانے والی زبان ہے۔ پاکستان بننے کے بعد اردو کو پاکستان کی قومی زبان قرار دیا گیا۔ 1973ء کے آئین کی شق نمبر 251 میں کہا گیا ہے کہ پاکستان کی قومی زبان اردو ہوگی اور اس کو سرکاری زبان 15 سال کے عرصے میں بنا دیا جائے گا۔

لیکن صد افسوس کئی سال گزرنے کے بعد اس شق پر عملدرآمد نہ کروایا جاسکا۔ یوں پاکستان کے ہر ادارے نے شق نمبر 251 کی مجموعی طور پر خلاف ورزی کی۔ پھر 2003ء میں کوکب اقبال ایڈوکیٹ اور محمود اختر نقوی نے اردو زبان کے نفاذ کے لیے درخواست دی۔ ہماری سست رو عدالت میں یہ مقدمہ 12 سال زیر التوا رہا۔ درخواست گزاروں نے اپنے دلائل میں کہا کہ ہماری حکومت جان بوجھ کر شق نمبر 215 پر عملدرآمد کرنے سے گریزاں ہے۔ اس سے معاشرتی اور لسانی تفرقہ پیدا ہوگیا ہے جو نہ صرف معاشرتی استحکام کی راہ میں حائل ہے بلکہ معاشرتی نفاق کا سبب بھی ہے۔ آخر کار 12 سال بعد 8 ستمبر 2015 کو سپریم کورٹ نے اردو کو سرکاری زبان قرار دیدیا۔

افسوس! ایک بار پھر عدالتی فیصلے پر عمل درآمد نہیں کیا گیا اور یہ فیصلہ ابھی تک تشنۂ تکمیل ہے حالانکہ قائد اعظم محمد علی جناح نے واشگاف الفاظ میں فرمادیا تھا کہ ہماری قومی زبان اردو ہوگی لیکن ہماری حکومت کیا اور ہماری قوم کیا۔۔۔ سبھی نے اردو زبان کے ساتھ سوتیلے پن کا رویہ اختیار کیا۔ انگریزی جو پرائی زبان ہے اسے ذریعہ تعلیم بنایا۔ انگلش میڈیم اسکولوں کو مہنگے اور فخر کا ذریعہ بنایا۔ اعلیٰ تعلیم اور اعلیٰ عہدوں کے حصول کے ایسا مکمل نظام سیٹ کیا کہ ان تک ایک خاص طبقہ کی ہی پہنچ ہوسکتی ہے۔

اردو میڈیم میں بھی پہلی سے لے کر چودھویں کلاس تک نصاب میں انگریزی مضمون کو لازمی مضمون کی حیثیت سے شامل کیا حالانکہ اردو مضمون صرف بارھویں جماعت تک لازمی مضمون کی حیثیت سے شامل ہے۔ انگلش میڈیم اسکول کے ایک بچے کی جتنی فیس ہوتی ہے تقریباً اتنی ہی ایک غریب آدمی کی تنخواہ ہوتی ہے۔ اب وہ بیچارہ کیا کرے؟ گھر چلائے، بچوں کے پیٹ پالے، یا پھر انہیں پڑھائے۔ اس کے علاوہ بھی اور کئی اخراجات۔۔۔ ہمارے ملک کی اکثریت یا تو تنخواہ دار ہے یا پھر محنت مزدوری۔۔۔ اردو میڈیم سرکاری اسکولوں میں بچے داخل کرانا ان کی مجبوری ہوتی ہے۔ اس طرح یہ لوگ احساس کمتری میں مبتلا رہتے ہیں اور ملک میں طبقاتی نظام پیدا ہوتا ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اگر ملک میں اردو میڈیم یکساں نظام تعلیم رائج کردیا جائے تو اس ذہین ترین قوم میں دن بدن کئی سائنس دان اور ماہرین پیدا ہوں۔ ترقی یافتہ ممالک کی مثالیں ہمارے لیے قابل فہم نمونہ ہیں۔ انہوں نے اپنی قومی زبان کو ذریعہ تعلیم بنایا اور خوب ترقی کی جبکہ ہمارے طالب علم بیگانی زبان میں سمجھتے کم اور رٹا زیادہ لگاتے ہیں۔ ہمارے ملک میں نوے فیصد سے زیادہ لوگ اردو سمجھنے اور بولنے والے ہیں جبکہ انگریزی سمجھنے اور بولنے والوں کا تناسب تو اس کے بہ نسبت بہت ہی کم ہے۔ کسی افسر بیچارے بھی انگریزی میں لکھی دستاویزات کو سمجھنے کے لیے اس کا ترجمہ کروارہے ہوتے ہیں۔

اردو زبان کی بے توقیری میں ایک وجہ ہماری گھریلو سطح بھی ہے کہ ہم اردو کی نسبت انگریزی بولنے پر بچوں کی زیادہ حوصلہ افزائی کررہے ہوتے ہیں۔ جو بچہ بول چال میں انگریزی الفاظ زیادہ استعمال کرتا ہے ہم اسے زیادہ لائق تصور کرتے ہیں اور جب ہم خود چھوٹے بچے کو بولنا سکھاتے ہیں تو اردو کے دو الفاظ کے ساتھ تیسرا لفظ انگریزی کا شامل کرلیتے ہیں اور آدھا تیتر آدھا بٹیر والا رنگ پیدا کرتے ہیں لیکن اس سب کے باوجود میرے ملک پاکستان میں بہت سے محب قومی زبان وقدردان بھی موجود ہیں اور وہ اس کے احیاء ونفاذ کے لیے سرتوڑ کوششیں بھی کررہے ہیں۔ شاعر نے کیا خوب کہا ہے۔

سلیقے سے ہواؤں میں جو خوشبو گھول سکتے ہیں
ابھی کچھ لوگ باقی ہیں جو اردو بول سکتے ہیں

جس طرح مولانا ابوالکلام آزاد نے دو ٹوک الفاظ میں انگریز کو اپنی زبان کی اہمیت جتلائی ہمیں بھی دیدہ دلیری سے اپنی پیاری قومی زبان اردو کا نفاذ کرنا ہوگا اور دنیا کو بتانا ہوگا کہ ہم گونگے نہیں۔ ہمارے پاس بھی ایک بہترین زبان موجود ہے جو اس روئے زمین پر ہم پاکستانیوں کی پہچان ہے جس کے شیریں الفاظ کانوں میں رس گھولتے ہیں۔ جس کے بارے میں ایک شاعر احمد وصی نے کہا ہے۔

دو بات کرے تو ہر لفظ سے خوشبو آئے
ایسی بولی وہی بولے جسے اردو آئے

بات کرنے کے آداب۔

معاشرہ یا خاندان میں امن وسکون کو برقرار رکھنے کے لئے ضروری ہے کہ انسان اپنی زبان احتیاط سے استعمال کریں۔

ہماری معاشرتی اور خاندانی زندگی میں ہماری بات

فیض محمد حسنی!

کرنا ہمیں خاندان کے دوسرے ارکان سے تعلق بنائے رکھتی ہے۔ ہم اپنا اظہار اپنی بات کرنے سے کرتے ہیں۔ ہمارے لفظوں کی سختی اور نرمی ہمارے مزاج اور فطرت کی عکاسی کرتی ہے۔ اس طرح ہمارے یہ الفاظ معاشرہ اور ہمارے خاندان میں ہمیں باعزت یا قابل نفرت بناتے ہیں۔

ایک آدمی کی دو بیٹیاں تھیں دونوں کی طبیعت ایک دوسرے سے مختلف تھی۔ چھوٹی بیٹی کی طبیعت میں جھگڑالوں پن تھا اپنے الفاظوں کے غلط استعمال سے ہمیشہ خاندان کے لئے مسائل پیدا کرتی تھی۔

اس کی بڑی بہن نے اپنا موبائل فون غیر ارادی طور پر کہیں گم کردیا۔ اس نے اپنی چھوٹی بہن سے کہا کہ موبائل فون تلاش کرنے میں اس کی مدد کریں۔ مگر اس کی چھوٹی بہن نے اس کی باتوں کا غلط مطلب لیا اور اپنی بڑی بہن سے جھگڑا کرنا شروع کیا کہ تم مجھے اپنے موبائل فون گم کرنے کا الزام لگاتی ہو۔

اس مثال سے یہ بات واضح ہوتی ہے کہ خاندان کے ایک فرد کے رویہ اور الفاظوں کے استعمال سے پورے خاندان کا خوش گوار ماحول خراب ہوجاتا ہے۔ اب یہ خاندان کے بڑوں (جاری ہے)

اس اخبار میں شائع ہونے والے تمام مضامین قلم کاروں کی اپنی نکتہ نظر یہ ہیں۔ ادارے کا اس سے متفق ہونا لازمی نہیں۔ (ادارہ)

سلطان محمد سے سلطان راہی تک

نو جنوری 1996ء یعنی آج سے 25 سال قبل طلوع ہونے والا سورج پاکستان فلم انڈسٹری اور شائقین فلم

ڈاکٹر بی اے خرم

کیلئے نہایت المناک اور افسوس ناک خبر لے کر آیا اس روز اس وقت کے مصروف ترین فلمی اداکار سلطان راہی کو گوجرانوالہ سے لاہور واپس جاتے ہوئے قتل کردیا گیا پردہ سکرین پہ راج کرنے اور ایک ہی پل میں سینکڑوں لوگوں کو گولیوں سے موت کی نیند سلانے والا خود نامعلوم افراد کی گولیوں کا نشانہ بن گیا متقی وپرہیزگار پر امن، پیار کرنے والا، ہمدرد، محبتیں بانٹنے والا اور ملنسار انسان ظلم و بربریت کا نشانہ بن گیا بڑی سکرین پہ غالموں کے سامنے سینہ تان کر کھڑا ہونا، مظلوم کے ساتھ کندھا سے کندھا ملا کر ظالموں کے لئے عبرت کا نشان بننے والا اور دیکھتے ہی دیکھتے بدمعاشوں کے خون سے ندیاں بہا دینے والا خود کو ایک ہی گولی سے ابدی نیند سو گیا سرہاد موت وحیات کی کشمکش میں بے یار ومددگار پڑا رہا، کوئی اس کی مدد کو نہ پہنچ سکا اور بے بسی کی موت مارا گیا وہ جو ایک بڑھک لگا کر دشمنوں کو بھگا دیتا تھا۔

مرتے وقت سرگوشی تک نہ کرسکا تھی کہ اپنے ہمسفر کو بھی آواز نہ دے سکا اور چپکے سے نیند کی وادیوں میں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے ان راہوں کا مسافر بن گیا جہاں سے کوئی واپس لوٹ کے کوئی نہیں آیا 9 جنوری 1996ء کو چار دہائیوں تک پردہ سکرین پر حکمرانی کرنے والا فن کا سلطان، سلطان راہی اپنے چاہنے والوں کو اکیلا چھوڑ گیا، قتل کے وقت مرحوم کی عمر 58 سال تھی کہا جاتا ہے کہ ان کی اچانک موت سے پاکستان فلم انڈسٹری کو تقریباً مجموعی طور پر ایک ارب روپے کا نقصان جھیلنا پڑا، انتقال کے وقت مرحوم کی تقریباً 54 فلم

شال بقیہ 1

وزیر توانائی عمر ایوب نے بتایا کہ 11 بجکر 41 منٹ پر گدو کے پاور پلانٹس پر خرابی آئی اور ایک سیکنڈ میں فریکوئنسی جو 5.49 ہوتی ہے وہ نیچے آئی اور یکے بعد پاور پلانٹس کے سیٹلی نظام نے شٹ ڈاؤن ہونا شروع کر دیا۔ انہوں نے کہا کہ پورے ملک، اوپر، شمال، جنوب میں یہ سسٹم میں گیا اور پورے ملک جہاں ہمارے پاور پلانٹس چل رہے تھے اور 11 بجکر 41 منٹ پر 10 ہزار 302 میگا واٹ ایک دم سے سسٹم سے آؤٹ ہو گئے۔ وزیر توانائی نے کہا کہ اس کے فوری بعد میں نیشنل پاور کنٹرول سینٹر پہنچا اور میڈیا اور قوم کو اعتماد میں لیا، تربیلا کو ہم نے 2 مرتبہ شروع کیا اور وہ سنک ہو گیا۔ انہوں نے بتایا کہ ہم نے بجلی کی بحالی کا کام شمال سے شروع کیا اور اس وقت اسلام آباد، راولپنڈی، آئیسکو کا نظام، لاہور الیکٹرک کے علاقے، فیصل آباد کے آدھے شہر میں بجلی آ چکی تھی، کراچی الیکٹرک کو تقریباً 400 میگا واٹ سپلائی ہو چکی ہے تاہم سسٹم کے واپس آن لائن آنے میں ابھی مزید چند گھنٹے لگیں گے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت ہمیں وجوہات کا علم نہیں، رات میں بھی ہم نے تمیں بھیجی تھیں تاہم دھند کی وجہ سے کچھ نظر نہیں آ رہا تھا جبکہ صبح بھی ہماری ٹیمز سے بات ہوئی تاہم 500 کے وی کی لائن میں فالٹ نظر نہیں آیا، تاہم ان کا کہنا تھا کہ جیسے جیسے دھند کم ہوگی تو تحقیقات ہوں گی کہ یہ فالٹ کہاں آیا۔ نظام کی بہتری سے متعلق انہوں نے کہا کہ جب ہماری حکومت آئی اس وقت ٹرانسمیشن پر کوئی خاطر خواہ کام نہیں ہوا، ہم نے آتے ہی 49 ارب روپے اس سسٹم پر لگائے جس کی وجہ سے 4 سے ساڑھے 4 ہزار میگا واٹ سسٹم میں نکال سکتے ہیں، اس سے قبل جب مسلم لیگ (ن) کی حکومت تھی تو 18 سے ساڑھے 18 ہزار میگا واٹ سے زیادہ ترسیل نہیں کر سکتے تھے تاہم اسے 23 سے 24 ہزار میگا واٹ تک گزشتہ گرمیوں میں لے کر گئے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے سسٹم پر سرمایہ کاری کر کے یہ سب کیا، گزشتہ 2 سردیوں میں ہم نے 'ایٹی فلاگ ڈس انسولیٹر ڈسک' لگائے، لائن واشنگ مینٹی نس کا کام کیا۔ انہوں نے کہا کہ ابھی ہم تحقیقات کر رہے ہیں لیکن حتمی وجوہات میں ابھی جانتیں سکے جب تک تحقیقات مکمل نہ ہوں، بظاہر گدو کے پاور پلانٹ کے اندر، باہر، یارڈ کے اندر ابھی تک ایسی کوئی چیز نظر نہیں آئی۔

شال بقیہ 2

سے تعلق رکھنے والے افراد سے گفتگو کرتے ہوئے عمران خان نے کہا کہ ماضی میں ملک کا وزیر دفاع اور وزیر خارجہ بیرون ملک ملازمت کر رہا تھا، ملک کا وزیر اعظم دبئی کی کمپنی کی ملازمت کر رہا تھا، یہ لوگ مل کر چوری کر رہے تھے اور ان لوگوں نے ایک دوسرے کو این آر او دیا تھا۔ انہوں نے کہا کہ پرویز مشرف نے ان دونوں جماعتوں کو این آر او دیا، میں بار بار کہتا ہوں کہ این آر او نہیں دوں گا، میں این آر او دے دوں گا تو زندگی آسان ہو جائے لیکن یہ پاکستان کی تباہی ہے، این آر او کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ آدھی رقم قرض اتارنے میں چلی جاتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیر اعظم، وزیر دفاع خود منی لانڈرنگ کر رہے تھے، یہ خود منی لانڈرنگ کریں گے تو کسی کو نہیں روک سکیں گے، سارا گیم یہ چل رہا ہے کہ ہم ان مافیا کے آگے گھٹنے ٹیک دیں۔ عمران خان نے کہا کہ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ ملکی مفاد کیلئے نہیں ذاتی مفاد کے لیے اکٹھے ہوئے ہیں، کرپٹ حکومت کی وجہ سے ملک میں مسائل جنم لیتے ہیں اور دنیا حکمرانوں کی کرپشن کے خلاف تھی ہے، ان لوگوں نے ایف اے ٹی ایف کے معاملے پر این آر او لینے کی کوشش کی لیکن کرپٹ عناصر کو این آر او دینے سے ملک کو نقصان ہوگا۔ عام انتخابات میں دھاندلی کے الزامات کے حوالے سے وزیر اعظم نے کہا کہ یہ لوگ الیکشن میں دھاندلی کا الزام لگاتے ہیں لیکن ثبوت نہیں لاتے، ہم چار حلقے پر عدالت گئے اور چاروں حلقوں میں دھاندلی ثابت ہوئی۔ بلوچستان سے متعلق انہوں نے کہا کہ افغان جہاد کے بعد پاکستان میں فرقہ وارانہ دہشت گردی شروع ہوئی، کم آبادی اور وڈوں کی وجہ سے ماضی کی حکومتوں نے بلوچستان پر توجہ نہیں دی، وفاق میں جو بھی حکومت بنتی تھی قبائلی سرداروں کے ساتھ اتحاد کر لیتے تھے، ترقیاتی فنڈز قبائلی سرداروں کے ذریعے تقسیم ہوتے تھے جس سے سردار امیر ہو گئے لیکن بلوچستان کے عوام غریب رہ گئے، تاہم ہماری حکومت بلوچستان کی ترقی پر بھرپور توجہ دے رہی ہے۔

شال بقیہ 3

گرڈ اسٹیشنز کو بجلی کی فراہمی کا سلسلہ شروع کر دیا گیا ہے صوبائی دارالحکومت کوئٹہ سمیت مختلف علاقوں میں 14 گھنٹے بعد بجلی کی فراہمی کا سلسلہ بتدریج جاری ہے کیسکو حکام کے مطابق لوڈ کی تناسب سے مرحلہ وار شہر کے تمام فیڈرز کو آہستہ آہستہ بجلی کی فراہمی شروع کر دی گئی ہے پہلے مرحلے میں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ کے علاوہ مختلف اضلاع ژکی، بارکھان، کوہلو، لورالائی، ژوبہ مراد جمالی، گنداخہ، اوستہ محمد، جھل مگسی، بھبت پور، ہی، بولان و دیگر کے گرڈ اسٹیشنز کو بھی بجلی کی فراہمی مرحلہ وار شروع کر دی گئی ہے کیسکو حکام کے مطابق بجلی کی بحالی میں ہسپتالوں والے ایریاز کو ترجیح دی جا رہی ہے صارفین اطمینان رکھیں بحالی میں محنت کش اپنی کوششیں کر رہے ہیں صوبائی دارالحکومت کوئٹہ میں بجلی کی بریک ڈاؤن کے بعد لوگوں کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑا جبکہ پرنٹ میڈیا کے چھپائی کا کام بھی متاثر ہوا۔

شال بقیہ 4

نے دورانیہ بجلی کا ثبوت دے کر ملک کو ہنگامی حالات سے نجات دلائی، سارا پاکستان پاک فوج کے ساتھ کھڑا ہے، پی ڈی ایم میں ہمت ہے تو راولپنڈی آ کر دکھائے۔ فریڈم ہاؤس میں استقبالیہ سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عمران خان پاکستان کو آگے کر جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ عمران جان پاکستان کی معیشت کو ٹھیک کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ عمران خان پاکستان کی سیاست کو ٹھیک کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ احتساب کے نام پر لوگوں نے تحریک انصاف کو ووٹ دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ چوروں ڈاکوؤں سے مفاہمت کی بجائے قانون کی زد کرے گا۔ شیخ رشید نے کہا کہ پہلی ڈی ایم کی تحریک دم توڑ رہی ہے، پہلے ہی کہا تھا یہ نہ استعفیٰ دیں گے نہ الیکشن کا بائیکاٹ کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ یہ استعفے نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ مسلم لیگ نون کو اس حال تک پہنچانے میں مریم کا ہاتھ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مریم سیاسی دور اندیشی سے کام لیتی تو یہ حالات نہ ہوتے۔ انہوں نے کہا کہ پیپلز پارٹی کا پنجاب میں عمل دخل نہیں ہے۔

شال بقیہ 5

نے کہا کہ ترسیل کے نظام کو بہتر بنایا جا رہا ہے۔

شال بقیہ 6

صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے کہا کہ تاریخ میں پہلی بار موجودہ صوبائی حکومت نے بلوچستان کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن کر دیا ہے وفاقی حکومت کی خصوصی تعاون اور توجہ کی بدولت بلوچستان کی پسماندہ اضلاع کی ترقی کیلئے وفاقی حکومت نے اربوں کی خصوصی پیکجز منظور کرائے ہے انہوں نے کہا کہ ماضی میں باریاں لینے والے اور حکومتیں کرنے والے نام نہاد قوم پرست اور مذہبی جماعتوں نے صوبے کی ترقی و خوشحالی پر کوئی توجہ نہیں دیا جس کی وجہ سے بلوچستان پاکستان کے دیگر صوبوں سے ترقی میں بہت پیچھے رہ گیا تھا لیکن موجودہ حکومت نے اقتدار سنبھالنے کے بعد صوبے کی ترقی و خوشحالی کیلئے وزیر اعلیٰ بلوچستان میر جام کمال خان کی قیادت میں مخلوط صوبائی حکومت نے بلوچستان کی ترقی و خوشحالی کیلئے ہر فورم پر بھرپور نمائندگی کا حق ادا کرتے ہوئے صوبے کو ترقی کی راہ پر گامزن کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 7

چھپانے کیلئے اب پروپیگنڈہ کر رہے ہیں انہوں نے کہا کہ شیخ رشید اپنے دعووں پر قائم رہے ہم 19 جنوری کو آ رہے ہیں ہمارا راستہ نہ روکیں اگر پی ڈی ایم قیادت نے فیصلہ کیا تو اسی وقت دھرنا دیا جائے گا انہوں نے کہا کہ اپوزیشن کے جلسوں کے لئے کنٹینر دینے والے اپنی وعدوں سے مکر گئے تھے آج حکمرانوں کو ہر داڑھی والا جمعیت علماء اسلام کا ورکر نظر آتا ہے ملک بھر میں بجلی کا بہت بڑا بریک ڈاؤن ہوا تاہم وجوہات سامنے نہیں آئی ہیں پی ڈی ایم 19 جنوری کو الیکشن کمیشن کے باہر احتجاج کرے گی حکمرانوں کو پی ڈی ایم کے بڑے جلسے چھوٹے نظر آتے ہیں حکومت میں چوکاڑ بیٹھے ہوئے ہیں انہوں نے کہا کہ حکومت کی جانب سے ہزارہ برادری سے کئے گئے معاہدے پر توجہ نہیں کی جا سکتی کہ حکمران وعدے پورے کریں گی حکمرانوں کی پہلے سے یوٹرن کی تاریخ موجود ہے شدید سردی میں پی ڈی ایم کا وفد مریم نواز کی قیادت میں ہزارہ برادری کے پاس گیا تھا وزیر اعظم کیوں تاخیر سے گئے یہ ہماری بدقسمتی ہے کہ ملک کا چیف ایگزیکٹو کل وہاں پہنچا ہے پچھ واقعے پر پورا ملک افسردہ ہے۔

شال بقیہ 8

بیرونی عناصر یا دباؤ کے بغیر آزادی سے کام کرتا ہے۔ ترجمان نے کہا کہ پاکستانی عدالتوں کی طرف سے جرح کے لیے گواہ بھیجنے کے حوالے سے بھارت کی طرف سے پنگا بہت کے نتیجے میں ممبئی کیس میں قانونی عمل ابھی تک تعطل کا شکار ہے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا اپنے تحفظات دہشت گردی کی بھارتی منصوبہ بندی، فروغ، مالی معاونت کے لیے رکھے جس کے پہلے ہی نمایاں قابل تردید ثبوت فراہم کیے جا چکے ہیں۔

شال بقیہ 9

علماء، مدارس، مساجد کی توہین ہو، ملکی خزانہ لوٹنے سے لے کر کرپشن تک سب پالیسیاں ایک ہیں اگر کسی چیز پر اختلاف ہے تو وہ اقتدار اور ذاتی مفادات ہیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے کوئٹہ میں ذمہ داران سے گفتگو اور مدرسہ دارالرشاد چمن پھاٹک مسجد میں خطبہ جمعہ کے موقع پر خطاب کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ امریکی تابعداری میں اپوزیشن اور حکومت دونوں ایک دوسرے سے بازی لے جانے میں لگے ہیں۔ اسلامی ملک میں مساجد و مدارس کے لیے خزانے میں ایک روپیہ نہیں رکھا گیا جب کہ اسلام آباد میں مندر کی تعمیر کے لیے ایک سو ملین روپے رکھے گئے ہیں تاکہ دنیا کو بتا سکیں کہ اسلام آباد میں ایک مثالی مندر کی تعمیر کی جا رہی ہے۔

شال بقیہ 10

عمران خان کو فیصل آباد میں جاری ترقیاتی منصوبوں کے بارے میں آگاہ کیا جبکہ نئے منصوبوں کے حوالے سے بھی انہیں بریفنگ دی۔ وزیر اعظم عمران خان نے میاں فرخ حبیب کی تجاویز پر فیصل آباد میں سپیشل ٹیکنالوجی زون اور ٹیکنیکل یونیورسٹی بنانے پر اتفاق کیا اور یقین دہانی کروائی کہ وہ بہت جلد فیصل آباد کا دورہ کر کے ترقیاتی منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھیں گے۔ وزیر اعظم عمران خان نے میاں فرخ حبیب سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ نیا پاکستان ہاؤسنگ پروگرام کامیاب جوان پروگرام اور انصاف صحت کارڈ سکیم سے لوگوں کو بہت فائدہ ہوگا اور کوشش کی جائے گی کہ فیصل آباد کو ان منصوبوں کے حوالے سے ترجیحی بنیادوں پر شامل کیا جائے۔

شال بقیہ 11

اور 2 باؤزر کے ایم سی کے حوالے کرنے کی تقریب کراچی پورٹ ٹرسٹ (کے پی ٹی) میں منعقد ہوئی، اس موقع پر وفاقی وزیر منصوبہ بندی اسد عمر، گورنر سندھ عمران اسماعیل، وفاقی وزیر انفارمیشن اینڈ ٹیکنالوجی امین الحق اور دیگر وفاقی وزراء نے 50 فائر فائٹنگ رزاور 2 باؤزر کے ایم سی کے حوالے کیے۔ اس موقع پر میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے وفاقی وزیر منصوبہ بندی نے اسد عمر نے کہا کہ کراچی ٹرانسفارمیشن پلان کے دو منصوبے اگلے اجلاس میں رکھا جائے گا اور صوبہ گزشتہ ایک دہائی سے کے فور مکمل نہیں کر پا رہا تھا اب وفاق اس کا انتظام سنبھال لے گا اور واپڈا اپنی ذمہ داری پوری کرے گا۔ انہوں نے کہا کہ واپڈا نے منصوبے کو آگے بڑھانے کے لیے اپنا کام شروع کر دیا ہے۔

شال بقیہ 12

سردی کی شدت میں اضافہ ہو گیا ہے۔ بلوچستان کے بیشتر اضلاع میں شدید سردی کی لہر برقرار ہے، محکمہ موسمیات کے مطابق کوئٹہ میں درجہ حرارت منفی 8 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا اور قلات میں درجہ حرارت منفی 11 ڈگری سینٹی گریڈ تک گر گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق واہ بین میں منفی 7، پنجگور، ژوب اور تونگزئی میں منفی 4، خضدار اور سبی میں 2، لسبیلہ 3، گوادر 10 اور تربت میں 11 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔ محکمہ موسمیات کے مطابق 24 گھنٹوں میں شہر کا موسم مزید خشک اور سرد رہنے کا امکان ہے۔

شال بقیہ 13

سے دو افراد محمد اسماعیل ولد نعمت اللہ، عبدالرزاق ولد عبدالحمید اقوام لونی شدید زخمی ہو گئے جنکو لورالائی ہسپتال لایا گیا جہاں انکی حالت خطرے سے باہر بتائی جاتی ہے عوامی حلقوں نے شادی وغیرہ میں ہوائی فائرنگ پر پابندی لگانے کا مطالبہ کیا ہے۔

شال بقیہ 14

روز کوئٹہ کے علاقے مشرقی بائیپاس پر فائرنگ سے ایک شخص شبیر احمد ولد محمد یوسف جاں بحق ہو گیا لاش کو ضابطے کی کارروائی کے بعد ورثا کے حوالے کر دیا گیا ہے مزید کارروائی متعلقہ انتظامیہ کر رہی ہے۔

شال بقیہ 15

اور 2 گاڑیوں کو نقصان پہنچا تفصیلات کے مطابق بلوچستان کے ضلع کیچ کے ہیڈ کوارٹر تربت بازار سینما چوک کے قریب واقعہ ایف سی ناکہ کے قریب پولیس ذرائع کے مطابق نامعلوم افراد نے ہینڈ گرینیڈ بم حملہ کیا ہے بم دھماکے سے ایک موٹر سائیکل میکینک سمیت 5 افراد زخمی اور دو گاڑیوں کو معمولی نقصان پہنچا، زخمیوں میں موٹر سائیکل مستری لیاقت ولد اللہ یار، نصیب خان ولد منظور علی، نعیم ولد فاروق، ذیشان ولد نعمان اور لیاقت ولد ظفر شامل ہیں دھماکے کے بعد پولیس اور سیکورٹی فورسز نے موقع پر پہنچ کر علاقے کو گھیرے میں لے لیا ہے زخمیوں کو تربت ہسپتال تربت منتقل کر دیا گیا ہے۔

شال بقیہ 16

بعد اب تک مجموعی طور پر متاثرہ افراد کی تعداد 18412 ہو گئی ہے جن میں 17938 کے صحت یاب ہونے کے بعد صوبے میں اس وقت کورونا وائرس کے ایکٹیو مریضوں کی تعداد 286 ہے جبکہ اب تک صوبے میں کورونا وائرس سے 188 اموات ہو چکی ہیں۔

شال بقیہ 17

نے شہری آبادی کو بھاری ہتھیاروں اور مارٹر سے نشانہ بنایا، بھارتی اشتعال انگیزی کے باعث ایک ہی خاندان کے دو افراد شدید زخمی ہو گئے، زخمیوں کو طبی امداد کے لئے ہسپتال منتقل کر دیا گیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق یہ سال 2021 کے بھارتی اشتعال انگیزی کے باعث زخمی ہونے والے پہلے متاثرین ہیں، بھارت رواں سال 38 مرتبہ سیز فائر معاہدے کی خلاف ورزی کر چکا ہے۔

شال بقیہ 18

ہے۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کا قانونی نظام موثر ہے، قانونی رول کے ذریعہ تحقیقات، پراسیکیوشن اور بتدریج سزا پر عمل ہو رہا ہے۔

شال بقیہ 19

بتایا کہ 15 نومبر کرشنگ کیلئے آئیڈیل تاریخ ہے۔ وفاقی وزیر کے مطابق نومبر میں چینی کی قیمت 30 روپے تک کم ہوئی تھی، جیسے ہی سسٹم میں سے درآمدی چینی نکلی ہے تو مقامی چینی کی قیمت بڑھ گئی۔ انہوں نے کہا کہ چینی کی قیمت بڑھنے میں آڑھتیوں اور سٹے بازوں کا کردار بھی نظر آیا جس پر ایکشن لے رہے ہیں۔ حماد اظہر کے مطابق صوبائی حکومتوں سے کہہ دیا ہے کہ وہ چینی میں آڑھتیوں کا کردار ختم کریں، ہم بروقت زیادہ مقدار میں چینی امپورٹ کرنا چاہ رہے ہیں، ای سی سی میں سمری بھیج رہے ہیں، خام چینی کی امپورٹ سے ٹیکس ہٹائیں گے۔

شال بقیہ 20

ہے اور کسی کو معلوم نہیں کہ ایسا کیوں ہوا ہے؟۔ اپنے بیان میں انہوں نے کہا کہ نااہل، نالائق حکومت کو کچھ علم نہیں، وزراء اور ترجمانوں کی فوج عملی اور علامتی دونوں طور پر اندھیرے میں ہے، نااہلی کی ایک قیمت اور سزا ہے جسے آج ہم پوری قوم ادا کر رہے ہیں، افسوس پاکستان عملی اور علامتی دونوں طور پر آج اندھیرے میں ڈوب چکا ہے۔

شال بقیہ 21

کوئی صلاحیت نہیں ہے ملکی معیشت دن بدن ڈوب رہی ہے نئے نئے بحران پیدا ہو رہے ہیں۔ احسن اقبال نے نارووال میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمران نیازی نے سمجھا ہے کہ پاکستان کو بھی موبائل فون کی طرح ری بوٹ کر کے دیکھا جائے شاید یہ چل جائے اسی لیے انہوں نے پورا پاور کا نظام شٹ ڈاؤن کر کے دوبارہ سٹارٹ کرنے کی کوشش کی ہے۔ انہوں نے عمران خان کو مخاطب کر کے کہا کہ نیازی صاحب یہ ملک ہے۔

شال بقیہ 22

کی جانے والی پیش رفت سے آگاہ ہیں، جلد ویکسین حاصل کر لینگے۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ وہ ویکسین کی جانب سے کی جانے والی پیش رفت سے آگاہ ہیں۔ انہوں نے بتایا کہ ایک بڑی آبادی والے ملک ہونے کی حیثیت سے ہم سمجھتے ہیں کہ ہم جلد ویکسین حاصل کر لیں گے، مزید یہ کہ ہم آبادی کے بڑے حصے کو ویکسین دینے کے لیے دو طرفہ معاہدے بھی کر رہے ہیں۔

شال بقیہ 23

روز بھی جاری رہا۔ اس موقع پر احتجاجی کیمپ کے آرگنائزر ڈاکٹر مزمل پانیزئی اور ڈاکٹر حسن خان نے اپنے بیان میں کہا کہ ہم سیٹوں کی غیر منصفانہ اور میرٹ دشمن تقسیم کے خلاف احتجاج کو مزید وسعت دیکھے اس شدید سردی میں طلباء احتجاج پر ہیں مگر وزیر اعلیٰ صاحب کو آواز صرف ریڈ زون میں سنائی دیتی ہے یہ خواہش بھی ہم انکی پوری کر دیتے انہوں نے کہا کہ حکومت کی غفلت کا خمیازہ انٹری ٹیسٹ کے پانچ ہزار طلباء و طالبات کو اٹھانا پڑے گا جب تک ہمارے مطالبات منظور نہیں ہوتے احتجاجی تحریک جاری رہے گی۔

شال بقیہ 24

چوروں کو ملک و قوم کی کوئی فکر نہیں تھی۔ جس پروجیکٹ کمیشن ملنے کی امید ہوتی ہے لوگ وہ وہاں کام کرتے رہے۔ افسوس ان لائنز سے فائدہ ملکی صنعت اور عام عوام کو ہوتا تھا اس لیے اس پر توجہ نہیں دی گئی۔ ڈاکٹر شہباز گل نے کہا گزشتہ دو ادوار میں معاہدوں میں مال بنانے والے شاید ٹرانسمشن لائنز لگانا بھول گئے، آج انکی کرپشن کے کرتوتوں کی وجہ سے ملک اندھیرے میں ڈوبا۔

شال بقیہ 25

کے مطابق ہفتہ کی رات ملک بھر میں ہونے والے بریک ڈاؤن کے بعد تکنیکی ٹیموں کی مسلسل کاوشوں سے اتوار کی صبح سے مرحلہ وار بجلی بحالی کا عمل شروع ہو گیا تاہم کئی علاقوں میں 16 سے 17 گھنٹے بعد بجلی بحالی ہو سکی۔ لاہور، فیصل آباد، گوجرانوالہ، قصور، شیخوپورہ، ٹوبہ ٹیک سنگھ، گوجرہ، جھنگ، بشور کوٹ کے بعض علاقوں میں بجلی بحالی کے بعد ایک بار پھر بجلی کا بریک ڈاؤن ہو گیا۔

شال بقیہ 26

نے خود صورتحال کا مانیٹر کیا، بھرپور کاوشوں سے اس مسئلے پر قابو پایا گیا۔ سینیٹر شبلی فراز نے کہا کہ ماضی میں بجلی کی ترسیل کے نظام پر توجہ نہیں دی گئی، اس میں بہتری لا رہے ہیں۔

شال بقیہ 27

کمشنر چمن حضرت ولی کاکڑ نے کہا کہ تجاوزات یکلخت شہر میں آپریشن کلین اپ جاری رہیگا انہوں نے دکانداروں کو خبردار کیا کہ وہ از خود تجاوزات کا خاتمہ کر دیں ورنہ تجاوزات کے مرتکب پائے جانیوالے دکانداروں کو قانونی کارروائی کا سامنا کرنا پڑیگا۔

شال بقیہ 28

کے علاوہ اس سے قبل اور بعد میں سینکڑوں واقعات میں محنت کشوں، مزدوروں، تاجروں، کاروباری طبقات، طلباء، وکلاء، ڈاکٹرز، ملازمین، ہسپتالوں میں جس طرح ہزارہ قوم اور کوئٹہ کے شہریوں کو نشانہ بنایا گیا اور اب تازہ مچھ کے واقعہ میں گلہ کاٹ کر جس طرح ہزارہ برادری کو ذبح کیا گیا وہ انتہائی قابل مذمت عمل ہے بیان میں کہا گیا کہ شہداء کے لواحقین عرصہ دراز سے اب تک انصاف کے طلبگار ہے ان واقعات کے نتیجے میں آج تک کسی دہشتگرد کو عدالتوں سے سزا نہیں دی گئی ہے مذہبی سفاکانہ واقعات کے حقیقی مجرمان بے نقاب ہو کر سامنے آئے ہیں جس کی وجہ سے ہزارہ قوم سے مستقل امن کے قیام کیلئے انتہاء پسندانہ سوچ کے خاتمہ کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا گیا کہ ہزارہ قوم بھی ہر طرح کی شدت پسندی کے خلاف متحد ہو کر جدوجہد کریں بیان کے آخر میں تمام شہداء کو سرخ سلام پیش کرتے ہوئے اس عزم کا اظہار کیا کہ ان کے بے گناہ اور بلاوجہ قتل و بے کسی کو کسی صورت فراموش نہیں کیا جائے گا دریں اثنا پارٹی کے مرکزی کونسل کا اہم اجلاس پارٹی چیئرمین عبدالخالق ہزارہ کی صدارت میں منعقد ہوا جس میں سانحہ مچھ کے حوالے سے جمعہ کو ہزارہ ٹان میں جلسہ عام منعقد کرنے کا فیصلہ کیا گیا اور جنوری شہید چیئرمین حسین علی یوسفی کی برسی عقیدت و احترام منانے کا فیصلہ کیا گیا۔

شال بقیہ 29

ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس فورس کو پیشہ ورانہ بنانے کے ضرورت ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلام آباد پولیس فورس کے لئے نئی گاڑیاں اور موٹر سائیکل لے رہے ہیں۔

شال بقیہ 30

کہدائی نے پیش کی وفاق المدارس کی صدارت کے لیے سلیکٹ فیصلے اور بلدیاتی انتخابات اور اضلاع کے دورہ پر غور خوض ہوئی صوبائی امیر مولانا عبدالقادر لونی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وفاق المدارس صدارت کی عہدے پر مخصوص متنازع شخص مسلط سے مدارس کی قوت اور وحدت تقسیم ہو گی جمعیت (ف) اپنے ذاتی اور سیاسی مفادات کے لیے وفاق المدارس کو بڑے خلفشار سے دوچار کیا جا رہا ہے۔

شال بقیہ 31

بورڈ آف ریونیو جاوید غنی اور متعلقہ اعلیٰ حکام نے شرکت کی۔ اجلاس میں وزیر اعظم کو بتایا گیا کہ رواں مالی سال 6 ماہ کی مدت میں ٹیکس کی مد میں جمع ہونے والی رقم 2205 ارب روپے سے تجاوز کر چکی ہے۔ اجلاس کو آگاہ کیا گیا کہ ٹیکس کے نظام میں متعدد اہم اصلاحات کے مثبت نتائج سامنے آئے ہیں، ٹیکس دہندگان کی تعداد میں اضافے کا رجحان دیکھنے میں آیا ہے، ٹیکس وصولی کے نظام کو خودکار بنایا جا رہا ہے اور ٹیکس دہندگان کو ٹیکس دینے پر مراعات اور سہولیات دی جا رہی ہیں۔

شال بقیہ 32

قطر کے ساتھ سفارتی اور تجارتی تعلقات منقطع کر لیے تھے۔ انھوں نے اس پر الاخوان المسلمون کی پشتیبانی اور دوسرے انتہا پسند گروپوں کے علاوہ ایران سے تعلقات استوار کرنے اور ان چاروں ملکوں کے داخلی امور میں مداخلت کا الزام عاید کیا تھا لیکن قطر نے ان الزامات کی تردید کی تھی۔ متحدہ عرب امارات نے جمعہ کو قطر کے ساتھ اپنی سرحدیں دوبارہ کھولنے کا اعلان کیا تھا اور کہا تھا کہ وہ اعلان اعلامیے کے بعد قطر کے خلاف کیے گئے تمام تعزیری اقدامات کو واپس لے لے گا۔

شال بقیہ 33

ہوئی اور سسٹم کی فریکوئنسی 50 سے 0 پر آ گئی۔ فریکوئنسی گرنے کی وجہ جاننے کی کوشش کی جا رہی ہے اور ذمہ داروں کے خلاف سخت کارروائی کی جائے گی۔ واضح رہے کہ ہفتے اور اتوار کی درمیانی شب بجلی کا بڑا بریک ڈاؤن ہوا جس کے باعث پورا ملک تاریکی میں ڈوب گیا۔ کئی گھنٹے گزرنے کے باوجود ملک میں اب تک بجلی مکمل طور پر بحال نہیں ہو سکی۔

شال بقیہ 34

سلطان سعید احمد نے کی۔ بعد ازاں انہیں سخت سکیورٹی میں بذریعہ روڈ پیری جھلک میں ان کے محل پہنچایا گیا۔ اس سے قبل ایئرپورٹ پر شاہی وفد کا استقبال پنجگور کے ڈپٹی کمشنر عبدالرزاق ساسولی، قبائلی عمائدین حاجی عطاء اللہ بلوچ، حاجی زاہد حسین، حاجی فاروق الزمان اور سینئر عسکری اور سویلین حکام نے کیا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ شکار کے لیے آئے وفد کے پاس شکاری ساز و سامان اور شاہین موجود ہیں جبکہ وہ وزارت خارجہ کی جانب سے جاری لائسنس کے تحت پنجگور میں قیام کے دوران تلور کا شکار کریں گے۔ اماراتی شاہی خاندان کے افراد، جو اس پرندے کے شکار کے لیے پنجگور آتے رہتے ہیں۔

شال بقیہ 35

میونگل اور غلام مصطفیٰ بلوچ نے ایک روزہ دورہ ہرنائی کے دوران پارٹی کے ضلعی صدر میر شبیر احمد مری کے والدہ کی انتقال پر انکے گھر جا کر لواحقین سے اظہار تعزیت اور فاتحہ خوانی کی۔

شال بقیہ 36

لوگوں کا گروپ ہے۔ کچھ لوگوں کو یہ غلط فہمی ہوئی ہے کہ سول سوسائٹی معاشرے کے اونچے طبقے کے لوگوں کی کوئی تنظیم ہے۔ کچھ لوگ یہاں تک غلط فہمی کا شکار ہیں کہ ان کے نزدیک سول سوسائٹی فیشن ایبل، اور دولتمند لوگوں کا کوئی پرائیویٹ کلب ہے۔ میں نے مذہبی طبقے کو سول سوسائٹی سے بہت متفکر پایا ہے، اور انہیں سول سوسائٹی کو بطور طنز ''شغل سوسائٹی'' کہتے بھی سنا ہے۔ بلوچ یاریمانی سیکریٹری اطلاعات اپنی سماجی ذمہ داری کو محسوس کرتے ہوئے میں نے مناسب سمجھا کہ مجھے سول سوسائٹی کے کردار، اہمیت، اور فعالیت پر ضرور روشنی ڈالنا چاہیے۔ تاکہ غلط فہمی کا ازالہ ہو، اور سول سوسائٹی کا صحیح امیج واضح ہو کر سامنے آ جائے سرکاری، اور نجی ادارے (پبلک اینڈ پرائیویٹ سیکٹر) کسی بھی معاشرے میں ستون کی حیثیت رکھتے ہیں، سول سوسائٹی بھی معاشرے کا ستون ہے۔ پبلک اینڈ پرائیویٹ سیکٹر کی بعد سول سوسائٹی معاشرے کا تیسرا اہم ستون کہلاتی ہے۔ سول سوسائٹی کی بنیاد عام شہری ہوتے ہیں۔ دنیا کے ہر ملک میں، ہر مہذب معاشرے میں سول سوسائٹی کا باقاعدہ وجود اور کردار ہوتا ہے۔ سول سوسائٹی معاشرے کا وہ باشعور طبقہ ہے۔ جو سرکاری، ریاستی، سیاسی، اور مذہبی، وابستگیوں سے بالاتر، اور غیر جانبدار ہو کر سماجی معاملات پر اپنی رائے اور اپنا ردعمل دیتا ہے۔ سول سوسائٹی میں معاشرے کے ہر طبقے کی نمائندگی ہوتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ دانشور، ادیب، شاعر، فنکار، کھلاڑی، انجینئرز، ڈاکٹرز، وکلاء اساتذہ، ماہرین تعلیم، اعدادی کارکنان، کمیونٹی ورکرز، محلے کے بزرگ، متحرک نوجوان طلباء و طالبات، انسانی حقوق، کسانوں، اور مزدوروں کے حقوق کے لئے کام کرنے والی تنظیموں کے کارکن، چیریٹی آرگنائزیشنز، اور فلاحی تنظیموں کے کارکن،، غرض ہر شعبہ زندگی سے تعلق رکھنے والے وہ افراد جو باشعور، اور باضمیر ہونے کے ساتھ ساتھ آزادی فکر، آزادی اظہار، اور انسانی حقوق کے علمبردار ہوتے ہیں۔ سول سوسائٹی کے اراکین کہلاتے ہیں۔

شال بقیہ 37

چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ لواحقین کو 50 لاکھ روپے کی رقم کی حوالگی کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ گزشتہ روز سانحہ مچھ کے لواحقین کو فی کس پچاس 50 لاکھ روپے ادا کر دیئے گئے ہیں تاہم لواحقین کی جانب سے مالی معاونت کی رقم سے متعلق میڈیا کو معلومات دینے سے انکار کر دیا۔

شال بقیہ 38

کہ اسمدا پولیو مہم کے دوران بچوں کو دو نام اے کے قطرے بھی پلائے جائیں گے انہوں نے کہا کہ اس وقت دنیا بھر میں پاکستان اور افغانستان دو ایسے ممالک ہیں جہاں پر پولیو وائرس موجود ہے۔ سال 2020 میں پورے ملک میں اب تک 84 پولیو کیسز رپورٹ ہوئے جس میں سے بلوچستان سے 26 کیسز رپورٹ ہوئے ہیں۔ پولیو کو ہرانے کی جنگ میں والدین، سیاسی حلقوں، علماء کرام اور انتظامیہ کا کردار نہایت اہم ہے۔ ان کی مثبت سوچ، رویوں اور مدد کی بدولت پولیو کی مہم کامیابی سے ہمکنار ہو سکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اسلامی دنیا سمیت پوری دنیا میں اسی ویکسین کے ذریعے پ

سرکاری و نجی ادارے کسی بھی معاشرے میں ستون کی حیثیت رکھتے ہیں، اشرف رند

ہم میں سے اکثر لوگ معاشرے میں سول سوسائٹی کے کردار کی اہمیت سے شاید مناسب طور پر آگاہ نہیں ہیں

سول سوسائٹی بھی معاشرے کا ستون ہے، پبلک اینڈ پرائیویٹ سیکٹر کی بعد سول سوسائٹی معاشرے کا تیسرا اہم ستون کہلاتی ہے، پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات

کوئٹہ (این این آئی) پارلیمانی سیکرٹری اطلاعات بلوچستان اشرف رند کا کہنا تھا کہ ہم میں سے اکثر لوگ معاشرے میں سول سوسائٹی کے کردار کی اہمیت سے شاید مناسب طور پر آگاہ نہیں ہیں اس لیئے ہمارے معاشرے میں سول سوسائٹی کے بارے میں اکثر غلط فہمیاں پائی جاتی ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے سول سوسائٹی کے معاشرے کے کردار کے حوالے سے ایک روزہ سیمینار سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ انہوں نے کہا کے میرے والدین کا تعلق بھی تعلیمی شعبے سے ہے، اور میں نے سریاب کے ایسے علاقوں میں کام کیا جہاں تعلیم حاصل کرنا ناممکن تھا۔ انہوں نے کہا کہ کچھ لوگوں کے نزدیک سول سوسائٹی سے مراد روشن خیال یا آزاد فکر طبقہ ہے۔ کچھ کے نزدیک سول سوسائٹی سے مراد لبرل اور سیکیولر طبقہ ہے۔ کچھ کے نزدیک سول سوسائٹی مذہب بیزار ادارہ ہے۔ بقیہ نمبر 36 صفحہ 3 پر

بی جے پی میں پاک وطن پارٹی وزیر برائے پارلیمانی امور عثمان آباد میں مرکزی قائدین کے بلنگانی اجلاس کے موقعہ پر میڈیا سے بات چیت کر رہے ہیں

مڈ ٹرم نہیں حکومتی ٹرم پوری ہونے کے بعد ہی الیکشن ہوں گے، محمد سرور

وزیر اعظم عمران خان کی ایمانداری پر انکے مخالفین بھی انگلی نہیں اٹھا سکتے

میرٹ پر موجودہ حکومت 100 فیصد عمل کرنے کی پالیسی پر گامزن ہے، گورنر پنجاب

لاہور (این این آئی) گورنر پنجاب چوہدری محمد سرور نے کہا ہے کہ مارچ کے بعد اپریل آئیگا اور کچھ نہیں ہوگا، مڈ ٹرم نہیں حکومتی ٹرم پوری ہونے کے بعد ہی الیکشن ہوں گے، پی ڈی ایم جماعتوں میں اتفاق نہیں بلکہ واضح تفریق ہے، وزیر اعظم عمران خان کی ایمانداری پر انکے مخالفین بھی انگلی نہیں اٹھا سکتے اور میرٹ پر موجودہ حکومت 100 فیصد عمل کرنے کی پالیسی پر گامزن ہے۔ وہ اتوار کے روز تحریک انصاف کے مرکزی رکن ظفر سندھو کی رہائش گاہ پر پارٹی کارکنوں اور میڈیا سے گفتگو کر رہے تھے بقیہ نمبر 42 صفحہ 3 پر

بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری سمیت دیگر کا اظہار تعزیت

ہرنائی (این این آئی) بلوچستان نیشنل پارٹی کے مرکزی کمیٹی کے ممبر غلام نبی مری، کوئٹہ کے ضلعی سیکرٹری نائب صدر ملک محی الدین لہڑی، ضلعی لیبر سیکرٹری ڈاکٹر علی احمد قمبرانی، سابق ضلعی صدر میر غلام رسول مینگل پارٹی کے ممبران غلام مصطفی بقیہ نمبر 35 صفحہ 3 پر

سانحہ مچھ کے لواحقین کو مالی معاونت کی رقم کا معاملہ معمہ بن گیا

سانحہ مچھ کے 10 لواحقین کو فی کس پندرہ 15 لاکھ روپے کیش رقم ادا کردی گئی ہے مزید 10 لاکھ روپے حکومت کی جانب سے جلد دے دیئے جائیں گے

گزشتہ روز سانحہ مچھ کے لواحقین کو فی کس پچاس 50 لاکھ روپے ادا کر دیئے گئے ہیں تاہم لواحقین کی جانب سے مالی معاونت کی رقم سے متعلق میڈیا کو معلومات دینے سے انکار کر دیا

کوئٹہ (آن لائن) وفاقی اور صوبائی حکومت کی جانب سے سانحہ مچھ کے لواحقین کو مالی معاونت کی رقم کا معاملہ معمہ بن گیا، مجلس وحدت المسلمین کے سابق رکن اسمبلی سید آغا رضا نے میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا ہے کہ سانحہ مچھ کے 10 لواحقین کو فی کس پندرہ 15 لاکھ روپے کیش رقم ادا کردی گئی ہے مزید 10 لاکھ روپے حکومت کی جانب سے جلد دے دیئے جائیں گے تاہم مجلس وحدت المسلمین کے ہی سیکرٹری جنرل ارباب لیاقت نے میڈیا سے بات بقیہ نمبر 37 صفحہ 3 پر

لاہور، صوبائی دارالحکومت میں صبح کے وقت دھند چھائی ہوئی ہے

اسرائیل نامنظور ملین مارچ اسلامیان پاکستان کے دلوں کی آواز ہے، مولانا نور الحق

عوامی قوت سے اسرائیل کو تسلیم کرنے کی مذموم مہم ناکام بنائیں گے، امیر جے یو آئی ضلع جنوبی کراچی

کراچی (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع جنوبی کے امیر شیخ الحدیث مولانا نور الحق نے کہا ہے کہ اسرائیل نامنظور ملین مارچ اسلامیان پاکستان کے دلوں کی آواز ہے، عوامی قوت سے اسرائیل کو تسلیم کرنے کی مذموم مہم ناکام بنائیں گے، سیکلڈ حکمران یہودی ریاست کو تسلیم کرنے کیلئے بے تاب ہیں مگر صیہونی پرچم ہمیشہ ایک غیرت مند مسلمان کے جوتے کی نوک پر رہے گا، وہ دکھی جامع مسجد پاکستان چوک میں خصوصی نشست سے خطاب کر رہے تھے، اس موقع پر مدیر درس کمیٹی مفتی محمد پراچہ، نائب مدیر سید فیضان حسین، مولانا نصیر اللہ، عبدالحق مخلص، مولانا عبداللہ حقانی، حافظ دانیال حسین قادری سمیت متقاضی بقیہ نمبر 54 صفحہ 3 پر

اوستہ محمد تحصیل کا گنجان ترین گوٹھ بہاول خان پندرانی گوٹھ عبدالرحیم جمالی کی عوام زندگی کی بنیادی سہولیات سے یکسر محروم

پھول جیسے معصوم بچے تعلیمی ادارے نہ ہونے کی وجہ سے تعلیم کی زیور سے محروم

اوستہ محمد (این این آئی) اوستہ محمد تحصیل کا گنجان ترین گوٹھ بہاول خان پندرانی گوٹھ عبدالرحیم جمالی کی عوام زندگی کی بنیادی سہولیات سے یکسر محروم، پھول جیسے معصوم بچے تعلیمی ادارے نہ ہونے کی وجہ سے تعلیم کی زیور سے محروم ہیں۔ اوستہ محمد کے عوامی حلقوں نے شدید غم و غصے کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ بلوچستان حکومت سالانہ صحت تعلیم پینے کے صاف پانی کی فراہمی کے لیے کروڑوں روپے خرچ کرنے کے دعوے کرتے تھکتے نہیں لیکن ستم ظریفی کی انتہا ہو چکی ہے گوٹ بہاول خان پندرانی اور گوٹھ میر عبدالرحیم خان جمالی اس جدید دور میں بھی زندگی کی تمام بنیادی سہولیات سے یکسر محروم علاقے کے مکین تعلیم صحت اور بقیہ نمبر 55 صفحہ 3 پر

جمعیت طلباء اسلام تمام عصری اداروں میں مذہبی فعال کرنا ضروری ہے، مرتضی مسرور

قلعہ سیف اللہ (پ ر) جمعیت طلباء اسلام ضلع قلعہ سیف اللہ کے کنوینر مرتضی مسرور اور معاونین کنوینرز آدم خان خیر خواہ نجیب اللہ کاکڑ عبدالقادر رحمدین ناصر خان اسماعیل زئی صحبت اللہ ظہور احمد محمد اللہ احمدی رحمت اللہ محمد سلیم نور اللہ مسعود سمیع اللہ قاسی نصیر احمد جمعیت طلباء اسلام ضلع قلعہ سیف اللہ کنوینر نے کہا کہ تمام جی ٹی آئی کے ورکرز 13 جنوری میں لورالائی میں پی ڈی ایم احتجاجی مظاہرہ بقیہ نمبر 52 صفحہ 3 پر

ایس ایس پی سکھر عرفان علی سموں کی قیادت میں سکھر پولیس کی کارکردگی بہتر ہوئی ہے

روجڑی (نامہ نگار) سکھر پولیس سے اغوا بھتہ خوری اور شہر میں امن و امان کی صورتحال بہتر بنانے پر سکھر کی تاجر برادری، شہریوں، سماجی و سیاسی تنظیموں کی جانب سے مظاہرہ، ایس ایس پی سکھر عرفان علی سموں اور سکھر پولیس کے حق میں نعرے بازی، سکھر پولیس کو بہتر کارکردگی پر سلام پیش کرتے ہیں بقیہ نمبر 53 صفحہ 3 پر

کامسیٹس کا جمہوریہ یمن میں سائنس اینڈ ٹیکنالوجی یونیورسٹی کے قیام میں بھرپور تعاون کا عندیہ

اسلام آباد (این این آئی) جنوب میں پائیدار ترقی کے لیے سائنس اینڈ ٹیکنالوجی کے کمیشن (کامسیٹس) نے یمن میں سائنس اور ٹیکنالوجی یونیورسٹی کے قیام کے لیے ہر سطح پر معاونت فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی ہے۔ گذشتہ روز کامسیٹس کے صدر دفاتر کے دورے پر آئے ہوئے بقیہ نمبر 56 صفحہ 3 پر

چمن، اپریزمنٹ کلکٹریٹ کسٹمز چمن کی پروینٹو اسٹاف کے تعاون سے پکڑے جانے والے غیر ملکی چائے کے پتی

کنٹینر پر کھڑے ہو کر تقریر کرنا انتہائی آسان ہے لیکن حکمرانی کرنا انتہائی مشکل کام ہے، فریدہ گل

یہ نیازی کی بس کی بات نہیں پاکستان کی غیور عوام مہنگائی دہشت گردی اور بے روزگاری کا سامنا کر رہے ہیں

اوستہ محمد (این این آئی) مسلم لیگ (ن) خواتین ونگ جعفر آباد کے ضلعی صدر فریدہ گل نے کہا ہے کہ کنٹینر پر کھڑے ہو کر تقریر کرنا انتہائی آسان ہے لیکن حکمرانی کرنا انتہائی مشکل کام ہے یہ نیازی کی بس کی بات نہیں پاکستان کی غیور عوام مہنگائی دہشت گردی اور بے روزگاری کا سامنا کر رہے ہیں بقیہ نمبر 67 صفحہ 3 پر

لورالائی میں ہمارے فورسز داد کے لائق ہے، شیر دل خان جوگیزئی

لورالائی (نمائندہ شمال) پاکستان نیشنل پارٹی لورالائی کے ضلعی جنرل سیکریٹری شیر دل خان جوگیزئی میڈیا سے بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ لورالائی میں ہمارے فورسز داد کے لائق ہے بقیہ نمبر 66 صفحہ 3 پر

موجودہ دور میں کوئی بھی میگا پروجیکٹ نہیں دیا ہے، جمال شاہ کاکڑ

پی ڈی ایم سلیکٹڈ حکمرانوں کے لیے نوشتہ دیوار بن چکی ہے، موجودہ مہنگائی و بے روزگاری نے عوام کی چیخیں نکال دی ہیں

پی ڈی ایم ملک میں آئین و پارلیمنٹ کی بالادستی چاہتی ہے، پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے قائم مقام صدر

بی بی (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ (ن) بلوچستان کے قائم مقام صدر و سابق اسپیکر جمال شاہ کاکڑ نے کہا ہے کہ پی ڈی ایم سلیکٹڈ حکمرانوں کے لیے نوشتہ دیوار بن چکی ہے، موجودہ مہنگائی و بے روزگاری نے عوام کی چیخیں نکال دی ہیں، موجودہ دور میں کوئی بھی میگا پروجیکٹ نہیں دیا ہے حکمران مرغی اور انڈے کے قیمتے سے نکل نہیں پائے ہیں، پی ڈی ایم ملک میں آئین و پارلیمنٹ کی بالادستی چاہتی ہے، ووٹ اور عوام کے فیصلے کو جب تک بقیہ نمبر 40 صفحہ 3 پر

راولپنڈی، معروف عالم دین حافظ بشیر احمد سیالوی کے سالانہ ختم شریف کی دعا سجادہ نشین آستانہ عالیہ عیدگاہ شریف صاحبزادہ حسان حسیب الرحمن دعا کروا رہے ہیں

وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے، میر نور اللہ لہڑی

بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ تمام علاقوں میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی کام ہوئے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی کے مرکزی رہنما میر نور اللہ لہڑی نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ بلوچستان کی قیادت میں صوبہ ترقی کی راہ پر گامزن ہے بلوچستان کی تاریخ میں پہلی مرتبہ تمام علاقوں میں یکساں بنیادوں پر ترقیاتی کام ہوئے ہیں، کارکن پارٹی میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں وہ پارٹی پیغام کو گھر گھر پہنچائیں۔ یہ بات انہوں نے اتوار کو اپنے دفتر میں ملاقات کرنے والے سریاب کے کارکنوں کے ایک وفد سے بات چیت کرتے ہوئے کہی۔ میر نور اللہ لہڑی نے کہا کہ بلوچستان عوامی پارٹی بقیہ نمبر 46 صفحہ 3 پر

سریاب روڈ چوڑا کرنے کی آڑ میں تاجروں کا نقصان کی صورت ہم برداشت نہیں کرینگے، مرکزی انجمن بلوچستان

جو مناسب ریٹ تیس ہزار روپے فی مرلہ فٹ کی حساب سے ہمیں ریٹ دیا جائے یا ان دکانوں کی جگہ متبادل جگہ دی جائے

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی انجمن بلوچستان کے صدر عبدالرحیم کاکڑ، حضرت علی ایگزیکٹو قیوم آغا میر یاسین مینگل کاکڑ شاہجہان ترین اللہ داد ایگزیکٹو احسان کاکڑ ظفر کاکڑ نجیب کاکڑ لالا شکور خلیلی صدیق یوسف زئی حاجی عبدالمالک لہڑی عباس لہڑی نذیر احمد لہڑی سلام لہڑی امام الدین لہڑی سید نعمت سید منظور آغا حاجی رفیق بلوچ، ملک مستی خان قمبرانی ملک اسلم شاہوانی و دیگر نے اپنے مشترکہ بیان بقیہ نمبر 45 صفحہ 3 پر

روحانیت صحابہ کرام اور اولیائے عظام کے آستانوں سے ملتی ہے، علامہ علی نواز القادری مدظلہ العالی

صحابہ کرام اور اولیائے عظام کے فروغ اسلام اور دینی تعلیمات پھیلانے کے کارنامے ناقابل فراموش ہیں

کوئٹہ (آن لائن) سنی تحریک عوامی کے صوبائی چیف آرگنائزر علامہ علی نواز القادری مدظلہ العالی نے کہا ہے کہ روحانیت صحابہ کرام اور اولیائے عظام کے آستانوں سے ملتی ہے روحانی تسکین کے حصول کیلئے عوام صحابہ و اولیاء کے آستانوں پر حاضری کو معمول بنائیں صحابہ کرام اور اولیائے عظام کے آستانے رشد و ہدایت کا مرکز اور قلبی تسکین کا ذریعہ ہیں صحابہ کرام اور اولیائے عظام کے فروغ اسلام اور دینی تعلیمات پھیلانے کے کارنامے ناقابل فراموش ہیں بقیہ نمبر 44 صفحہ 3 پر

چمن میں لیویز فورس کی کارروائی، ڈیڑھ سو کلو گرام چرس برآمد

کوئٹہ (این این آئی) چمن میں لیویز فورس نے کارروائی کرتے ہوئے ڈیڑھ سو کلو گرام چرس برآمد کر لی۔ اسسٹنٹ کمشنر قلعہ عبداللہ جہانزیب شیخ کے مطابق لیویز فورس نے چمن کے علاقے گلستان میں ایک مکان پر چھاپہ مار کر 150 کلو گرام چرس برآمد کر کے قبضے میں لے لی تاہم ملزمان فرار بقیہ نمبر 43 صفحہ 3 پر

خضدار ایک ترقی پذیر شہر بنتا جا رہا ہے، یہاں کا مستقبل روشن اور تابناک ہے، طارق خلجی

خضدار ایک ایسے محل وقوع پر واقع ہے کہ جو تجارت اور آمد و رفت کے لئے جنکشن ثابت ہو سکتا ہے، ایس پی خضدار

خضدار (این این آئی) ایس پی خضدار طارق خلجی نے کہا ہے خضدار ایک ترقی پذیر شہر بنتا جا رہا ہے یہاں کا مستقبل روشن اور تابناک ہے، خضدار ایک ایسے محل وقوع پر واقع ہے کہ جو تجارت اور آمد و رفت کے لئے جنکشن ثابت ہو سکتا ہے، خضدار کے صحافیوں کی ذمہ داریاں صحافت کے بقیہ نمبر 50 صفحہ 3 پر

مچھ میں مزدوروں کے ناحق قتل پر ساری قوم دکھی ہے، فیصل قریشی

سکیورٹی ادارے سانحہ میں ملوث درندوں کی کھوج لگا کر انہیں کیفر کردار تک پہنچائیں

لاہور (این این آئی) نامور اداکار فیصل قریشی نے کہا ہے کہ مچھ میں مزدوروں کے ناحق قتل پر ساری قوم دکھی ہے اور اس کی شدید مذمت کی گئی ہے، سکیورٹی ادارے اس سانحہ میں ملوث درندوں کی کھوج لگا کر انہیں کیفر کردار تک پہنچائیں۔ ایک انٹرویو میں انہوں نے کہا کہ نہ جانے پاکستان کو کس بقیہ نمبر 51 صفحہ 3 پر

شعبہ پی ٹی آئی کے مرکزی رہنما علیم عادل شیخ مکی میں جعلی بینک اکاؤنٹ کے متاثرین کے ہمراہ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

سندھ حکومت نے ملک بھر میں بجلی بریک ڈاؤن کو وفاقی حکومت کی نااہلی قرار دے دیا

حیرانگی کی بات ہے کہ عمران کے ملوثوں نے ابھی تک یہ الزام پی ڈی ایم پر نہیں لگایا، وزیر زراعت سندھ

کراچی (این این آئی) سندھ حکومت نے ملک بھر میں بجلی بریک ڈاؤن کو وفاقی حکومت کی نااہلی قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ ملک بھر میں اچانک ایسی کوئی سسٹم میں خرابی آ گئی کہ پورا ملک تاریکی میں ڈوب گیا۔ صوبائی وزیر زراعت محمد اسماعیل راہو نے اتوار کو اپنے بیان میں کہا کہ خرابی بجلی کے سسٹم میں نہیں حکومت کے سسٹم میں ہے، سلیکٹڈ حکومت بجلی بند کر کے پورے ملک کو ری اسٹارٹ کر رہی ہے، قوم کو بس گھبرانا نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ ملک بھر میں کئی گھنٹوں سے بجلی بند ہے اور نارمل پینک پتا کا نہ بقیہ نمبر 58 صفحہ 3 پر

جماعت اسلامی ملک و قوم کو درپیش مسائل سے نجات دلا سکتی ہے، جاوید قصوری

بریک ڈاؤن سے اربوں روپے کا نقصان، تحقیقات کر کے حقائق سامنے لائے جائیں، امیر جماعت اسلامی وسطی پنجاب

لاہور (این این آئی) امیر جماعت اسلامی صوبہ وسطی پنجاب و صدر ملی یکجہتی کونسل پنجاب وسطی محمد جاوید قصوری نے کہا ہے کہ اڑھائی برس گزر چکے ہیں مگر آج بھی عوام کو کسی قسم کا کوئی ریلیف میسر نہیں۔ تبدیلی حکومت عوام کے لیے وبال جان بن چکی ہے۔ اگر حکمرانوں نے عوام کو بنگادی بنیادوں پر ریلیف فراہم نہ کیا تو ان کا انجام بھی ماضی کے حکمرانوں کی طرح عبرتناک ہوگا۔ جماعت اسلامی بقیہ نمبر 57 صفحہ 3 پر

مہنگائی، گیس اور بجلی کی لوڈ شیڈنگ کی مافیا وفاقی کابینہ کا حصہ ہیں، جام اکرام اللہ دھاریجو

مچھ سانحے کے واقعے پر وزیر اعظم کی بے حسی نے پوری قوم کو دکھی کر دیا ہے، وزیر صنعت و تجارت سندھ

کراچی (این این آئی) سندھ کے وزیر برائے صنعت و تجارت اور انسداد بدعنوانی و محکمہ امداد باہمی جام اکرام اللہ دھاریجو نے کہا ہے کہ ملک میں ہر قسم کے بحران بشمول مہنگائی، گیس اور بجلی کی لوڈ شیڈنگ کے تانے بانے وفاقی کابینہ میں موجود افراد سے ملتے ہیں اور مچھ سانحے پر سلیکٹڈ وزیر اعظم کی بے حسی نے پوری قوم کو دکھی کر دیا ہے۔ انہوں نے اپنے بیان میں کہا کہ مچھ سانحے پر سلیکٹڈ وزیر اعظم کا رویہ ناقابل فہم رہا۔

یونیو کو ترقی کے راہ پر گامزن کر دیا ہے اب عوام خوشحال ہونگے، ریاض خان

تعمیراتی کاموں میں کسی قسم کا کوتاہی برداشت نہیں کرونگا، معاون خصوصی وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا برائے تعمیرات و مواصلات

یونیو (این این آئی) وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا کے معاون خصوصی برائے تعمیرات و مواصلات ریاض خان نے کہا ہے کہ تحریک انصاف ترقی اور خوشحالی کا دوسرا نام ہے۔ یہی وجہ ہے کہ لوگ تحریک انصاف کو اقتدار میں دیکھنا چاہتے ہیں۔ یونیو کو ترقی کے راہ پر گامزن کر دیا ہے۔ اب عوام خوشحال ہونگے، ان خیالات کا اظہار انہوں نے اپنے حلقہ نیابت تورو رسک بازار میں یونی کمیونٹی پراجیکٹ کے افتتاح بقیہ نمبر 68 صفحہ 3 پر

مودی سرکار کسانوں کا عزم توڑنے میں ناکام، ہریانہ، پنجاب، دہلی میں دھرنے جاری

کالے قوانین کو رد کروا کر ہی دم لیں گے، نوجوان سوشل میڈیا پر مہم چلا کر مظاہرین کے لیے سامان جمع کر رہے ہیں، منتظمین

نئی دہلی (این این آئی) بھارت میں مودی سرکار کسانوں کا عزم توڑنے میں ناکام ہو گئی، ہریانہ، پنجاب اور دہلی میں کسانوں کے دھرنے جاری ہیں، 26 جنوری کے بڑے مظاہرے کے لیے تیاریاں بھی جاری ہیں۔ بھارتی ٹی وی کے مطابق بھارت میں کسانوں کا مودی سرکار کی ہٹ دھرمی کے خلاف احتجاج جاری، 26 جنوری کو نام نہاد بھارتی یوم جمہوریہ پر بڑے مظاہرے کی تیاریوں کے سلسلے میں ٹریکٹر ریلیاں ہو رہی ہیں۔

ماحول کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ لوگوں کی باطنی خوبصورتی بھی پی ایچ اے کا مشن ہے، ملک عابد حسین

انسانی جسم پر زوال یا اس کا خاتمہ لازم ہے مگر اچھا انسانی کردار ایسی خوبصورتی ہے جس زوال نہیں

راولپنڈی (این این آئی) پارکس اینڈ ہارٹیکلچر اتھارٹی راولپنڈی کے وائس چیئرمین ملک عابد حسین نے کہا ہے کہ ماحول کی خوبصورتی کے ساتھ ساتھ لوگوں کی باطنی خوبصورتی بھی پی ایچ اے کا مشن ہے جس کی تکمیل کیلئے ہم چیئرمین پی ایچ اے آصف محمود کی سربراہی میں متعدد اہم اقدامات کریں گے۔ انسانی جسم پر زوال یا اس کا خاتمہ لازم ہے مگر اچھا انسانی کردار ایسی خوبصورتی ہے جس زوال نہیں۔

اسسٹنٹ کمشنر پشین حضرت ولی کاکڑ لیویز، پولیس اور ایف سی کے ہمراہ شہر میں مہنگائی اور تجاوزات کیخلاف کارروائی کر رہے ہیں

بلوچستان عوامی پارٹی کی قیادت نے ثابت کر دیا کہ بلوچستان کے فیصلے اب بلوچستان میں ہی ہوتے ہیں، ثنائیہ خان

دھرنے کے اختتام کے بعد وزیر اعظم نے کوئٹہ آ کر عوام کی دلجوئی کی اور دست شفقت رکھا ہے

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان عوامی پارٹی خواتین ونگ کی رہنما ثنائیہ خان نے کہا ہے کہ وزیر اعلیٰ جام کمال خان کی مدبرانہ اور مخلصانہ کوششوں سے سانحہ مچھ کے لواحقین نے دھرنا ختم کیا اور پی ڈی ایم کی لاشوں پر سیاست کرنے کی ایک اور سازش ناکام ہو گئی بلوچستان عوامی پارٹی کی قیادت نے ثابت کر دیا کہ بلوچستان کے فیصلے اب بلوچستان میں ہی ہوتے ہیں دھرنے کے اختتام کے بقیہ نمبر 48 صفحہ 3 پر

چمن میں کسٹمز کی کارروائی، دو کروڑ روپے مالیت کی چائے پتی کی سمگلنگ کو ناکام بنا دیا، ایک ملزم گرفتار

کوئٹہ (این این آئی) چمن میں کسٹمز نے کارروائی کرتے ہوئے دو کروڑ روپے مالیت کی چائے پتی کی سمگلنگ کو ناکام بنا کر ایک ملزم گرفتار کر لیا۔ کسٹمز حکام کے مطابق اتوار کو کسٹمز حکام نے چمن میں کارروائی کرتے ہوئے زیر و سوریش اور بقیہ نمبر 47 صفحہ 3 پر

گیس، بجلی کی لوڈ شیڈنگ، پریشر میں کمی کی وجہ سے عوام کی مشکلات میں اضافہ

کاروبار بری طرح متاثر ہو رہا ہے خواتین کو کھانا پکانے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے، سردار جبار خان خلجی

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان صراف ایسوسی ایشن کے چیئرمین سردار جبار خان خلجی، سرپرست اعلیٰ حاجی علی محمد صراف، صدر عبدالہادی صراف، سینئر نائب صدر میر ندیم شاہوانی صراف، جنرل سیکرٹری علی رضا صراف، پریس سیکرٹری صاحبزادہ صراف اور دیگر نے کہا ہے کہ بلوچستان کے دارالحکومت کوئٹہ میں گیس اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ اور پریشر میں کمی کی وجہ سے عوام کی مشکلات میں اضافہ ہو گیا ہے اور کاروبار بری طرح متاثر ہو رہا ہے یہاں جاری ہونے والے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کوئٹہ شہر میں شدید سردی کے باوجود گیس پریشر نہ ہونے کی وجہ سے یہاں ایک طرف خواتین کو کھانا پکانے میں شدید مشکلات کا سامنا ہے تو دوسری طرف بوڑھے اور بچے شدید سردی سے بیمار ہو رہے ہیں لیکن سوئی بقیہ نمبر 49 صفحہ 3 پر

حارث مگسی نے رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ خان زیرے کے والد کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار

کوئٹہ (ٹ ن) صوبائی وزیر آبپاشی نوابزادہ طارق مگسی نے رکن صوبائی اسمبلی نصر اللہ خان زیرے کے والد کی وفات پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک تعزیتی پیغام میں انہوں نے سوگوار خاندان سے ہمدردی اور تعزیت کرتے ہوئے دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس اور لواحقین کو صبر جمیل عطا فرمائے۔

بلوچستان میں پولیو مہم 11 جنوری سے شروع ہوگی

پولیو مہم کے دوران 24 لاکھ سے زائد بچوں کو قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے

پولیو مہم میں 10 ہزار سے زائد ٹیمیں حصہ لینگی، ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے کوآرڈینیٹر راشد رزاق

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے 33 اضلاع میں پانچ روزہ انسداد پولیو مہم بروز 11 جنوری سے شروع ہوگی جس کے لئے تیاریاں مکمل کر لی گئی ہیں۔ ان خیالات کا اظہار ایمرجنسی آپریشن سینٹر کے کوآرڈینیٹر راشد رزاق نے اپنے ایک بیان میں کیا انہوں نے کہا کہ پانچ روزہ انسداد پولیو مہم کے دوران پانچ سال تک کی عمر کے 24 لاکھ سے زائد بچوں کو پولیو سے بچاؤ کے قطرے پلانے کا ہدف مقرر کیا گیا ہے۔ اس مہم کے دوران 10 ہزار 553 کے قریب ٹیمیں حصہ لینگی۔ جن میں 8 ہزار 692 موبائل ٹیمیں، 941 فکسڈ سائٹ اور 559 ٹرانزٹ پوائنٹس شامل ہیں۔ انہوں نے کہا بقیہ نمبر 38 صفحہ 3 پر

جنوں، صوبائی وزیر ٹرانسپورٹ و ماس ٹرانزٹ ملک شاہ محمد خان وزیر پریس کلب میں میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

صحت کی سہولیات عوام کا حق ہے، روزانہ کی بنیاد پر مریضوں کا معائنہ کر رہی ہیں، ڈاکٹر محمد رفیق مستوئی

سبی (نامہ نگار) صحت کی سہولیات عوام کا حق ہے روزانہ کی بنیاد پر مریضوں کا معائنہ کر رہی ہیں ڈاکٹر محمد رفیق مستوئی تحصیلات کے مطابق میڈیکل سپرنٹنڈنٹ ڈویژنل ہیڈ کوارٹر ہسپتال سبی ڈاکٹر محمد رفیق مستوئی نے بتایا کہ صحت کی سہولیات دینا ہمارا فرض ہے روزانہ سینکڑوں مریضوں کا بقیہ نمبر 60 صفحہ 3 پر

دیندار بھی قاتلوں کے پشت پناہی کرنے لگے، امجد بلوچ

کوئٹہ (پ ر) بی ایس او پجار تحریک زون کے آرگنائزر امجد بلوچ نے اپنے جاری کردہ بیان میں کہا ہے کہ گزشتہ چند روز قبل جمعیت علماء اسلام (ف) کے اجلاس منعقد ہوا اجلاس کے بعد اعلامیہ جاری کیا گیا تھا جس میں جمعیت علماء اسلام ف بقیہ نمبر 59 صفحہ 3 پر

موجودہ حکومت تبدیلی کا نعرہ لیکر آئی تھی اور خود تبدیل ہو کر رہ گئی، میر محمد صادق عمرانی

موجودہ وزیر اعظم عوام کے ووٹ بیک سے نہیں بلکے سلیکٹ ہو کر آیا ہے

نصیر آباد (نامہ نگار) پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کی جانب سے نصیر آباد میں سیاسی پاور شو پی ڈی ایم کے صوبائی رہنماؤں نے کارکنان سے خطاب کیا۔ وزیر اعظم عمران خان کی نااہلی کے خلاف اور انہیں وزیر اعظم کے عہدے سے ہٹانے کے لیے بنائے گئے گیارہ جماعتی اتحاد پی ڈی ایم کی جانب سے ملک بھر کی طرح نصیر آباد کے ڈویژنل ہیڈ کوارٹر شہر مراد جمالی میں ایک عظیم الشان جلسے کا انعقاد کیا گیا جلسہ عام سے پاکستان ڈیموکریٹک موومنٹ کے صوبائی قائدین نے خطاب کیے جلسہ سے خطاب بقیہ نمبر 61 صفحہ 3 پر

کانگریس کے 200 سے زیادہ ارکان ٹرمپ کی معزولی کے حامی ہیں، امریکی میڈیا

ٹرمپ کی معزولی کے لیے امریکی آئین میں موجود 25 ویں ترمیم کا سہارا لینے پر غور کیا جا رہا ہے، رپورٹ

واشنگٹن (این این آئی) امریکی ٹی وی چینل نے اعداد و شمار کی بنیاد پر بتایا ہے کہ امریکی ایوان نمائندگان اور سینیٹ کے 200 سے زیادہ ارکان ایسے ہیں جو کیپٹول کی عمارت پر دھاوے کے تناظر میں صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی معزولی کے حامی ہیں۔ یہ تمام ارکان ڈیموکریٹک پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں یا پھر آزاد ارکان ہیں۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اس سلسلے میں امریکی آئین میں موجود 25 ویں بقیہ نمبر 62 صفحہ 3 پر

حب لوکل کمیٹی کے ممبران کا اجلاس بلدیہ ریسٹ ہاؤس حب میں امان اللہ لاسی کے زیر صدارت منعقد ہوا

اوتھل (نامہ نگار) حب لوکل کمیٹی کے ممبران کا اجلاس بلدیہ ریسٹ ہاؤس حب میں امان اللہ لاسی کے زیر صدارت منعقد ہوا، اجلاس میں کمیٹی ممبران غلام رسول لاسی، عطاء اللہ روغانی، ایڈووکیٹ نواز علی برفت، قادر سیاں، عبدالمالک موندرو، عبدالستار منگ